★ ABC CERTIFIED ★

روزنامہ
تعمیر وطن کوئٹہ

Member APNS

Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 27 ...... شمارہ نمبر 340 بروز ہفتہ 5 ستمبر 2026ء 22 ربیع الاول 1448ھ ...... قیمت 7 روپے (صفحات 4) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان ...... ایڈیٹر: ایم ایس خان

لورالائی کے علاقے ناصر آباد میں گھر پر ڈرون گر گیا

کوئٹہ (آن لائن) لورالائی کے علاقے ناصر آباد میں گھر پر ڈرون گر گیا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا پولیس کے مطابق گزشتہ شب لورالائی کے رہائشی جیلانی نامی شخص کے گھر پر گرا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور متعلقہ انتظامیہ موقع پر پہنچ گئی علاقے کو اور ملبے کو محاصرہ میں لیکر تحقیقات شروع کردی۔

نوشکی بازار میں فائرنگ سے پولیس اہلکار جاں بحق

نوشکی (آن لائن) نوشکی بازار میں فائرنگ سے پولیس اہلکار جاں بحق، پولیس ذرائع کے مطابق فائرنگ سے جاں بحق پولیس اہلکار کی شناخت عبدالناصر کے نام سے ہوئی نعش ٹیچنگ ہسپتال منتقل، پولیس واقعہ کی مزید تحقیقات کررہی ہے۔

دہشت گردی کے ناسور کو ہر قیمت پر شکست دی جائے گی، صدر زرداری

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری کا قلات میں انٹیلی جنس بنیاد پر کارروائی کے دوران بھارتی پراکسی فتنہ الہندوستان کے 12 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین۔ بیرونی (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

پوری قوم اپنے بہادر جوانوں کے ساتھ کھڑی ہے، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قلات میں سیکیورٹی فورسز جبکہ بھاگ کچھی میں بلوچستان پولیس اور اینٹی ٹیررسٹ فورس (اے ٹی ایف) کی کامیاب کارروائیوں کو سراہتے ہوئے افسران اور جوانوں کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعلیٰ میر سر (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

عثمان خان کاکڑ نے سماج کی ترقی و خوشحالی کی جدوجہد میں اہم کردار ادا کیا، لشکری رئیسانی

کوئٹہ (آن لائن) سینئر سیاستدان سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ تاریخ، حالات حاضرہ، سیاسی و معاشی، علمی، سماجی علوم کو سمجھے بغیر سیاسی و جمہوری جدوجہد کو آگے نہیں بڑھایا جاسکتا، عثمان خان کاکڑ نے سماج کی ترقی وخوشحالی کی جدوجہد (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

بلوچستان میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کی موثر کارروائیوں کے نتیجے میں 133 ارب روپے سے زائد مالیت کی منشیات ضبط اور تلف کی گئی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

صوبائی حکومت منشیات کے خلاف جنگ میں زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان

جو منشیات کے خلاف حکومت کے پختہ عزم اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مؤثر کارکردگی کا مظہر ہے میر سرفراز بگٹی نے بتایا کہ منشیات کے خلاف کارروائیوں کے دوران 1,638 کلوگرام آئس (کرسٹل) اور 620 کلوگرام چرس قبضے میں لے کر تلف کی گئی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت منشیات کے خلاف جنگ میں زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے، نوجوان نسل کو منشیات کے ناسور سے محفوظ بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ گزشتہ دو برس کے دوران بلوچستان میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مؤثر کارروائیوں کے نتیجے میں 133 ارب روپے سے زائد مالیت کی منشیات ضبط اور تلف کی گئی ہے، جو منشیات کے خلاف حکومت کے پختہ عزم اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مؤثر کارکردگی کا مظہر ہے میر سرفراز بگٹی نے بتایا کہ منشیات کے خلاف کارروائیوں کے دوران (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

اسلام آباد: اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کے عہدے کے امیدوار سفیر اولارا اوتونو وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کررہے ہیں

48 دہشت گردوں کو ہلاک کر کے ان کے قبضے سے ملنے والے اسلحہ ایمونیشن، گولہ بارود، دیسی ساختہ بارود، آئی ای ڈیز اور ان کے ٹھکانوں کو تباہ کر دیا، آئی ایس پی آر

بلوچستان میں فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کیخلاف 24 گھنٹوں کے دوران ضلع مستونگ، کوئٹہ، قلات اور سبی میں انٹیلی جنس کی بنیاد پر متعدد کارروائیاں کی گئیں

بلوچستان میں سکیورٹی فورسز کا بڑا وار

72 گھنٹوں میں

48 دہشتگرد ہلاک

سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے عزم استحکام وژن کے تحت انسداد دہشت گردی کے آپریشنز آخری دہشت گرد کے خاتمے تک جاری رہیں گے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز کی دہشتگردوں کیخلاف 72 گھنٹوں سے جاری کارروائیوں کے دوران انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں شعبان، مستونگ، قلات، سبی، بھاگ کے علاقوں میں فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والے 48 دہشت گردوں کو ہلاک کر کے ان کے قبضے سے ملنے والے اسلحہ ایمونیشن، گولہ بارود، دیسی ساختہ بارود، آئی ای ڈیز اور ان کے ٹھکانوں کو تباہ کردیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

وزیراعظم سے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کے امیدوار سفیر اولارا اوتونو کی ملاقات

بین الاقوامی قانون اور بین الاقوامی معاہدوں کے احترام کو یقینی بنانا موجودہ وقت کا تقاضا ہے

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ بین الاقوامی قانون اور بین الاقوامی معاہدوں کے احترام کو یقینی بنانے کی ضرورت ہے۔ پاکستان کثیرالجہتی نظام اور عالمی امور میں اقوام متحدہ کے مؤثر کردار کی بھرپور اور مستقل حمایت جاری رکھے گا۔ وزیراعظم سے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کے امیدوار سفیر اولارا اوتونو نے ملاقات کی، یوگنڈا کے (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

بھاگ شہر میں علی الصبح مسلح افراد نے پولیس تھانوں، نیشنل بینک اور سرکاری دفاتر کو نشانہ بنایا

بھاگ (آن لائن) ڈسٹرکٹ بولان کے علاقے بھاگ شہر میں علی الصبح مسلح افراد نے پولیس تھانوں، نیشنل بینک اور سرکاری دفاتر کو نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں متعدد حملہ آوروں اور 3 راہگیروں کے زخمی ہونے کی اطلاعات ہیں۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

پاور ڈویژن کا ڈیلیکشن بل کے نظام کی بہتری اور صارفین کے حقوق کے تحفظ کیلئے بڑا اقدام

حقوق کا تحفظ، بلنگ کے عمل میں شفافیت اور بجلی کے نظام میں عوام کا اعتماد مزید مستحکم کیا جائے گا

اسلام آباد (آن لائن) پاور ڈویژن نے بجلی کے صارفین کو غیر ضروری مشکلات اور اضافی مالی بوجھ سے تحفظ فراہم کرنے کے لیے ڈیلیکشن بلنگ کے نظام میں بنیادی اصلاحات کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ اقدام وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری کی قیادت میں پاور سیکٹر میں جاری وسیع تر اصلاحاتی عمل کا حصہ ہے، جس کا مقصد صارفین کو زیادہ سے زیادہ (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

ایشیائی بینک کی جانب سے پاکستان پی پی پی مانیٹر کا بھی آغاز

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر خزانہ اور ریونیو سینیٹر محمد اورنگزیب، وزیراعظم کے مشیر برائے نجکاری محمد علی، اے ڈی بی کے نائب صدر ینگ منگ یانگ، وفاقی اور صوبائی مالیاتی اداروں کے نمائندگان اور سرمایہ کاری برادری کے نمائندوں نے شرکت کی۔ حکومت پاکستان کا (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

بھاگ میں دہشتگردوں کا حملہ ناکام بنا دیا گیا، شاہد رند

بم ڈسپوزل یونٹ نے دہشتگردوں کی نصب کردہ آئی ای ڈی بھی ناکارہ بنا دی

دہشتگرد پولیس اسٹیشن بھاگ پر قبضہ اور اسلحہ چھیننے میں ناکام رہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے پولیٹیکل امور و میڈیا شاہد رند نے بتایا کہ بھاگ شہر میں دہشتگردوں کا حملہ ناکام بنا دیا گیا ہے، پولیس کی جوانمردانہ مزاحمت سے دہشتگرد پسپا ہوگئے، دہشتگردوں نے پولیس اسٹیشن، بینک اور اسسٹنٹ کمشنر آفس پر حملہ کیا تھا۔ شاہد رند نے کہا کہ تقریباً 40 دہشتگردوں نے بھاری ہتھیاروں، راکٹ (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

کوئٹہ: صوبائی وزراء میر شعیب نوشیروانی میر عاصم کرد گیلو ملاقات کررہے ہیں

کریڈٹ ریٹنگ ایجنسیوں نے پاکستان کے معاشی منظرنامے کو مستحکم قرار دیا ہے، وزیراعظم شہباز شریف

مشکل معاشی بحالی کا مرحلہ کامیابی سے عبور کرلیا، وزیراعظم شہباز شریف

وزیراعظم اور اے ڈی بی کے نائب صدر کی ملاقات، ایم ایل ون اور معاشی شراکت داری پر تفصیلی گفتگو

کنٹری پارٹنرشپ اسٹریٹیجی کی ترجیحات کو مؤثر اقدامات میں ڈھال کر عوام کے معیار زندگی میں بہتری لانے پر اتفاق

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ مشکل معاشی بحالی کا مرحلہ کامیابی سے عبور کرلیا، کریڈٹ ریٹنگ ایجنسیوں نے پاکستان کے معاشی منظرنامے کو مستحکم قرار دیا ہے۔ ان سے وزیراعظم سے ایشین ڈویلپمنٹ بینک (اے ڈی بی) کے جنوبی، وسطی اور مغربی ایشیا کے نائب صدر ینگ منگ یانگ نے وزیراعظم ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران پاکستان اور اے ڈی بی کے مابین کئی دہائیوں پر محیط ترقیاتی شراکت داری کا جائزہ لیا گیا اور نئی کنٹری پارٹنرشپ اسٹریٹیجی (CPS) 2030-2026 کے تحت ترجیحی شعبوں میں اقدامات (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

اسلام آباد: وفاقی وزیرخزانہ و ریونیو سینیٹر محمد اورنگزیب ایشیائی ترقیاتی بینک کے زیراہتمام تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کو سی ای او بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام "رائز" پروگرام کے حوالے سے بریفنگ دے رہے ہیں

گذشتہ اجلاس میں تبادلہ خیال کیے گئے امور پر کس حد تک کام ہو چکا اور آگے کیا کرنا ہے، صحافیوں سے گفتگو

مکہ معاہدے کے تنظیمی ڈھانچے پر اگلے مذاکرات پاکستان میں ہوسکتے ہیں، وزیر دفاع

متعدد اسلامی ممالک مکہ معاہدے کا حصہ بننے کے خواہاں ہیں، انکے لئے شرائط و ضوابط طے کررہے ہیں، خواجہ آصف

اسلام آباد (آن لائن) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ متعدد اسلامی ممالک مکہ معاہدے کا حصہ بننے کے خواہاں ہیں۔ انکے لئے شرائط و ضوابط طے کر رہے ہیں۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ استنبول اجلاس میں تینوں ممالک کے نمائندوں (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

دنیا بھر میں غیر قانونی سرگرمیوں اور بدامنی میں ملوث افغانیوں کے گرد گھیرا مزید تنگ

رواں سال کے پہلے 8 ماہ میں 25 ہزار سے زائد غیر قانونی مقیم افغان باشندے گرفتار

کابل (آن لائن) سنگین جرائم میں ملوث غیر قانونی مقیم افغان مہاجرین میزبان ممالک کیلئے سیکیورٹی اور انتظامی چیلنج بنتے جارہے ہیں۔ دنیا بھر میں غیر قانونی سرگرمیوں اور بدامنی میں ملوث افغانیوں کے گرد گھیرا مزید تنگ کیا جارہا ہے۔ افغان جریدہ خامہ پریس کے مطابق ترکیہ (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

یوم دفاع و شہداء، پاک فوج، ایف سی اور کے پی پولیس کا ملک و قوم کی حفاظت کیلئے پرعزم رہنے کا اعادہ

راولپنڈی / پشاور / کوئٹہ (آن لائن) یوم دفاع و شہداء کے موقع پر پاک فوج، فرنٹیئر کور (FC) اور خیبر پختونخوا پولیس کے غیور اور بہادر جوانوں نے مادر وطن کی حفاظت (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

ڈاکٹر یاسر طاہر کی زیر صدارت پی پی ایچ آئی کا ماہانہ جائزہ اجلاس

ان کی دہلیز پر بنیادی اور معیاری صحت کی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے

گوادر (خ ن) ضلعی آفیسر صحت ڈاکٹر یاسر طاہر اور پی پی ایچ آئی کے ڈسٹرکٹ منیجر ڈاکٹر منیر احمد بلوچ کی زیر صدارت پی پی ایچ آئی کا ماہانہ جائزہ اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں تمام بنیادی مراکز کے انچارجز نے شرکت کی اجلاس میں ضلع گوادر کے بنیادی مراکز صحت کی (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

میجر جنرل فیصل نصیر نیکٹا کے قومی کوآرڈینیٹر مقرر، وفاقی کابینہ نے تین سالہ تقرری کی منظوری دیدی

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی حکومت نے ڈی جی (سی) میجر جنرل فیصل نصیر، ہلال امتیاز (ملٹری) اور تمغہ بسالت، کو نیکٹا کا (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

حکومت اور سیکیورٹی ادارے عملی اقدامات کے بجائے صرف اعلانات اور تسلیوں تک محدود ہیں، رکن اسمبلی

انسانیت دشمنوں نے پورے بلوچستان کو میدان جنگ بنادیا ہے، مولانا ہدایت الرحمن

بدامنی، دہشت گردی، ٹارگٹ کلنگ، لوٹ مار، جلاؤ گھیراؤ اور سڑکوں کی بندش سے عوام خوف و ہراس اور پریشانی کا شکار ہیں

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا ہے کہ انسانیت دشمنوں نے پورے بلوچستان کو میدان جنگ بنا دیا ہے۔ صوبے بھر میں بدامنی، دہشت گردی، ٹارگٹ کلنگ، لوٹ مار، جلاؤ گھیراؤ اور سڑکوں کی بندش سے عوام خوف و ہراس اور پریشانی کا شکار ہیں۔ حکومت اور سیکیورٹی ادارے عملی اقدامات کے بجائے صرف اعلانات اور تسلیوں تک محدود ہیں۔ ان خیالات کا (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

اسسٹنٹ کمشنر جیوانی کا بوائز ہائی اسکول ریسانی بازار کا دورہ

معیاری تعلیم اور بہتر تعلیمی ماحول حکومت بلوچستان کی اولین ترجیح ہے

گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور صوبائی حکومت کی ہدایات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی زیر نگرانی اسسٹنٹ کمشنر جیوانی طارق امام بلوچ نے گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول ریسانی بازار جیوانی کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران ہیڈ ماسٹر اختر بلوچ نے اسسٹنٹ کمشنر کو اسکول میں جاری تعلیمی سرگرمیوں، تدریسی امور اور طلبا کو فراہم کی جانے والی سہولیات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اسسٹنٹ کمشنر نے اسکول میں اساتذہ اور دیگر عملے کی حاضری کا جائزہ لیتے ہوئے تعلیمی سرگرمیوں کا معائنہ کیا۔ انہوں نے تدریسی عملے اور طلبا سے بھی ملاقات کی اور تعلیمی معیار، حاضری، نظم و ضبط اور اسکول کے مجموعی ماحول سے (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

آئی ایس پی آر سمر انٹرنشپ پروگرام کے طلبہ کا پی ایم اے کاکول کا مطالعاتی دورہ

راولپنڈی (آن لائن) آئی ایس پی آر سمر انٹرنشپ پروگرام 2026 کے طلبہ نے پاکستان ملٹری اکیڈمی کاکول کا مطالعاتی دورہ کیا۔ جہاں طلبا وطالبات نے کیڈٹس کی پریڈ، تربیتی سرگرمیوں اور اکیڈمی کے مختلف شعبہ جات کا مشاہدہ کیا، طلبا و طالبات کیڈٹس کی شاندار پریڈ اور ان کی پیشہ ورانہ تربیت اور نظم (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

بھارتی بیان بازی شرمناک، نارووال میں مندر طوفانی بارش سے متاثر ہوا، دفتر خارجہ

بھارت حقائق کو توڑ مروڑ کر پیش کر رہا ہے اور سستی شعبدہ بازی کا سہارا لے رہا ہے، بیان

اسلام آباد (آن لائن) دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان نارووال مندر پر بھارتی بیان کو واضح طور پر مسترد کرتا ہے، بھارتی وزارت خارجہ نے بیان جھوٹا اور سیاسی مفاد کے لیے (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

مقامی صلاحیتوں کو عالمی سرمایہ، ٹیکنالوجی اور مہارت سے جوڑنے کیلئے پرعزم ہے، بلال کاکڑ

روزگار، تجارت، صنعت اور پائیدار معاشی ترقی کے نئے مواقع پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کریں گے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ (BBoIT) کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت BBoIT (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

سی ایس ایس امتحان: عمر کی بالائی حد 35 سال کرنے اور چانسز بڑھانے کی سفارش مسترد

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی حکومت نے سی ایس ایس کے امتحان کے لیے عمر کی بالائی حد اور مواقع میں اضافے سے متعلق پارلیمانی کمیٹی کی سفارشات کو مسترد کردیا (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

پروسیسنگ کے شعبے میں جدید ٹیکنالوجی اپنا کر اور عالمی معیار پر پورا اتر کر زرعی برآمدات میں تیزی سے اضافہ کیا جاسکتا ہے

معاشی خودمختاری کیلئے 100 ارب ڈالر برآمدات کا ہدف ناگزیر ہے، احسن اقبال

آئی ایم ایف کے پاس بار بار جانا معاشی مسائل کا مستقل حل نہیں، برآمدات بڑھا کر ہی پائیدار ترقی ممکن ہے، وفاقی وزیر منصوبہ بندی

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ 2035 تک پاکستان کو ایک ٹریلین ڈالر کی معیشت بنانے کے لیے برآمدات میں نمایاں اضافہ ناگزیر ہے، کیونکہ برآمدات میں مطلوبہ کارکردگی نہ دکھانا ہی ملک کے معاشی بحران کی سب سے بڑی وجہ ہے۔ زرعی برآمدات سے استفادہ کرنے کے حوالے سے منعقدہ گول میز کانفرنس سے خطاب کرتے ہو (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

چین اور پاکستان کے درمیان زراعت اور لائیو اسٹاک کے شعبے میں تعاون مزید مضبوط کرنے پر اتفاق

چین نے پاکستان کو مویشیوں کی بیماریوں سے بچاؤ کے لیے 3 لاکھ ویکسین خوراکیں فراہم کردیں، رانا تنویر حسین

اسلام آباد (آن لائن) چین اور پاکستان کے درمیان زراعت اور لائیو اسٹاک کے شعبے میں تعاون مزید مضبوط کرنے پر اتفاق، چین نے پاکستان کو مویشیوں کی بیماریوں سے بچاؤ کے لیے 3 لاکھ ویکسین خوراکیں فراہم کر دیں۔ چینی سفارتخانہ اسلام آباد کے مطابق چینی سفارتخانے کی جانب سے LSD اور بروسیلوسس کے خلاف ویکسینز کا عطیہ کیا گیا چینی ناظم الامور شی یوان چیانگ کی نمائندگی میں ویکسینز NARC کے حوالے کر دی گئیں۔ وفاقی وزیر رانا تنویر حسین کا چین کے بروقت تعاون پر تہہ دل سے شکریہ ادا کیا اور کہا کہ چینی ویکسینز (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

چیئرمین گوادر پورٹ کا سلطنت عمان کے قونصل جنرل انجینئر سامع عبداللہ سالم النجری سے ملاقات

کراچی (خ ن) چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ نے کراچی میں سلطنت عمان کے قونصل جنرل انجینئر سامع عبداللہ سالم النجری (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ (خ ن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

وزیراعظم ٹاسک فورس برائے بحری اصلاحات، پاکستان کا بندرگاہی نظام ڈیجیٹلائزیشن اور جدید دور میں داخل

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم ٹاسک فورس برائے بحری اصلاحات کی زیر سرپرستی پاکستان کے بندرگاہی نظام میں جدید اصلاحات اور ڈیجیٹلائزیشن کا نیا دور (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

میئر کا عہدہ ختم کرنا بیوروکریسی کو مضبوط کرنے کے مترادف ہوگا، سعد رفیق

ایک شہر میں چھ چھ اتھارٹیز ایک ہی کام کریں گی تو کام کیسے چلے گا؟ سینئر مسلم لیگی رہنما

لاہور (آن لائن) مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما خواجہ سعد رفیق کا کہنا ہے کہ اسلام آباد اور لاہور سمیت بڑے شہروں سے میٹرو پولیٹن یا میونسپل کارپوریشن کے میئر کا عہدہ ختم کرنا لوکل گورنمنٹ سسٹم کو کمزور کرنے اور بیوروکریسی کو مضبوط کرنے کے مترادف ہوگا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر پیغام جاری کرتے ہوئے خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ میئر کا انتخاب 'ون مین ون ووٹ' کی بنیاد پر براہ راست ہونا چاہیے، مختلف ادوار میں دیگر اداروں یا اتھارٹیز کو بلدیاتی اداروں سے چھینے گئے آئینی اختیارات لوٹائے جائیں۔ لیگی رہنما نے کہا کہ مقامی حکومتوں کو (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

کوئٹہ: صوبائی وزیرخزانہ میر شعیب نوشیروانی سے مشیر ایکسائز حاجی محمد خان لہڑی ملاقات کررہے ہیں

عوامی شکایات اور تجاویز کو سنجیدگی سے لیا جارہا ہے، صوبائی وزیر خزانہ

حکومت عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، پسماندہ علاقوں کی ترقی اور عوامی مسائل کے فوری ازالے کیلئے عملی اقدامات اٹھا رہی ہے

منصوبوں میں عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایسے منصوبوں کو ترجیح دی جارہی ہے جن سے زیادہ سے زیادہ لوگوں کو فائدہ پہنچ سکے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی سے اپنے دفتر میں خاران کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے عمائدین، سیاسی و سماجی شخصیات اور شہریوں نے ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں کے دوران علاقے کو درپیش مختلف مسائل، ترقیاتی ضروریات، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور عوامی امور سے متعلق معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ترقیاتی منصوبوں، عوامی فلاح و بہبود کے اقداما (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

پرائیویٹ حج سکیم کی بکنگ میں تیزی، بیشتر کمپنیوں نے حج پیکیج پورٹل پر اپ لوڈ کردیے

پرائیویٹ حج پیکیج 14 لاکھ سے ساڑھے 37 لاکھ روپے تک، 20 نومبر تک بکنگ اور ادائیگی مکمل کرنے کی ہدایت

ادائیگی کے لیے صرف سرکاری ڈیجیٹل پلیٹ فارم استعمال کریں اور کسی غیر مجاز ذریعے سے لین دین نہ کریں

اسلام آباد (آن لائن) وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی کی ہدایات پر بیشتر حج منظم کمپنیوں نے رواں سال پرائیویٹ حج سکیم کے تحت اپنے حج پیکیج حج پورٹل پر اپ لوڈ کردیے ہیں، جس کے بعد پاک حج ایپ اور حج پورٹل کے ذریعے پرائیویٹ حج سکیم کی بکنگ میں تیزی آگئی ہے۔ وزارت مذہبی امور کے ترجمان کے مطابق پرائیویٹ حج سکیم کے (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

دہشتگردی کے خلاف جنگ پوری قوم کی مشترکہ جنگ ہے، نور محمد دمڑ

بلوچستان کے امن کے لیے سیکیورٹی فورسز، پولیس اور اے ٹی ایف کی خدمات اور قربانیاں قابل فخر ہیں

قلات میں سیکیورٹی فورسز اور بھاگ کچھی میں بلوچستان پولیس اور اے ٹی ایف کی کامیاب کارروائیوں کو قابل تحسین قرار

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے قلات میں سیکیورٹی فورسز اور بھاگ کچھی میں بلوچستان پولیس اور اے ٹی ایف کی کامیاب کارروائیوں کو قابل تحسین قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں صوبائی وزیر نے کہا کہ سیکیورٹی اداروں کی بروقت اور مؤثر کارروائیاں امن دشمن عناصر کے خلاف ریاست کے مضبوط عزم کی عکاس ہیں۔ حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ بلوچستان کے امن کے لیے سیکیورٹی (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

ABC CERTIFIED
روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

مشکل معاشی بحالی

وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ مشکل معاشی بحالی کا مرحلہ کامیابی سے عبور کرلیا، کریڈٹ ریٹنگ ایجنسیوں نے پاکستان کے معاشی منظرنامے کو مستحکم قرار دیا ہے، س وزیراعظم سے ایشین ڈویلپمنٹ بینک (اے ڈی بی) کے جنوبی، وسطی اور مغربی ایشیا کے نائب صدر ینگ منگ یانگ نے وزیراعظم ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران پاکستان اور اے ڈی بی کے مابین کئی دہائیوں پر محیط ترقیاتی شراکت داری کا جائزہ لیا گیا اور نئی کنٹری پارٹنرشپ اسٹریٹیجی (CPS) 2030-2026 کے تحت ترجیحی شعبوں میں اقدامات پر غور کیا گیا۔ وزیراعظم نے مہمان شخصیت کا خیر مقدم کرتے ہوئے شہری بنیادی ڈھانچے، ٹرانسپورٹ اور عوامی خدمات کے منصوبوں میں اے ڈی بی کے تعاون کو سراہا۔ انہوں نے واضح کیا کہ سخت مالیاتی اور انتظامی اصلاحات کی بدولت معیشت میں استحکام آیا ہے اور سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوا ہے۔ ملاقات میں کراچی سے پشاور تک مین لائن-1 (ایم ایل-1) ریلوے کوریڈور کی اپ گریڈیشن پر خصوصی توجہ دی گئی اور اس پر جلد عملی کام شروع کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ فچ، موڈیز اور ایس اینڈ پی جیسی عالمی ریٹنگ ایجنسیوں نے پاکستان کے لیے مستحکم معاشی منظرنامے کی درجہ بندی کی ہے۔ انہوں نے کہا مین لائن-1 (ایم ایل-1) ریلوے کوریڈور کی جدید خطوط پر اپ گریڈیشن مال برداری کے نظام کو بہتر بنانے اور علاقائی تجارتی روابط مضبوط کرنے کے لیے ناگزیر ہے۔ ملاقات میں نجی شعبے کی معاونت، توانائی، غذائی تحفظ، برآمدات، مصنوعی ذہانت (AI) اور انفارمیشن ٹیکنالوجی میں مشترکہ تعاون کا جائزہ لیا گیا۔ ملاقات میں اتفاق کیا گیا کہ کنٹری پارٹنرشپ اسٹریٹیجی 2030-2026 کی ترجیحات کو موثر اقدامات میں ڈھال کر عوام کے معیار زندگی میں بہتری لائی جائے گی۔

بقیہ 01

ان 1,638 کلوگرام آئس (کرسٹل) اور 620 کلوگرام چرس قبضے میں لے کر تلف کی گئی، جبکہ بلوچستان میں گزشتہ دو برس کے دوران 27 ہزار سے زائد غیر ملکی شراب اور بیئر کی بوتلیں اور کین بھی ضبط کر کے تلف کیے گئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ منشیات کے خلاف جاری کارروائیاں محض قانون نافذ کرنے کی سرگرمی نہیں بلکہ صوبے کی نوجوان نسل اور آنے والی نسلوں کے مستقبل کے تحفظ کی ایک جامع کوشش ہیں۔ حکومت بلوچستان نوجوانوں کو منشیات کی لعنت سے محفوظ رکھنے کے لیے انسداد منشیات کے اقدامات کو مزید مؤثر بنانے کے ساتھ ساتھ اس کے سماجی اثرات سے نمٹنے کے لیے بھی اقدامات جاری رکھے گی انہوں نے کہا کہ منشیات کے خاتمے کے لیے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائیوں کو مزید مؤثر اور مربوط بنایا جائے گا اور منشیات کی ترسیل، فروخت اور استعمال کے خلاف بلاامتیاز کارروائی یقینی بنائی جائے گی میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ منشیات سے پاک بلوچستان حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ نوجوانوں کے مستقبل کو محفوظ بنانے کے لیے ہر ممکن اقدام جاری رکھا جائے گا اور منشیات کے کاروبار میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان ایک محفوظ، صحت مند اور منشیات سے پاک معاشرے کے قیام کے لیے پرعزم ہے، جہاں نوجوان اپنی توانائیاں تعلیم، بہتر کھیل اور مثبت سرگرمیوں میں بروئے کار لاسکیں۔

بقیہ 02

مطابق بلوچستان میں فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کیخلاف 24 گھنٹوں کے دوران ضلع مستونگ، کوئٹہ، قلات اور سبی میں انٹیلی جنس کی بنیاد پر متعدد کارروائیاں کی گئیں۔ جس میں فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والے 36 دہشتگردوں کو جبکہ کوئٹہ کے علاقے شعبان میں فتنہ الخوارج کے 4 ٹھکانوں کو نشانہ بنایا گیا جہاں 26 خوارجیوں کو اسی طرح مستونگ میں آپریشن کے دوران 6 دہشتگردوں کو ہلاک کر کے دہشت گردوں کے قبضے سے برآمد گولہ بارود اور دیسی ساختہ بم موقع پر ہی تباہ کر دیئے گئے۔ اس کے علاوہ قلات میں دہشتگردوں کے ٹھکانے پر چھاپہ مارا گیا جہاں 2 دہشتگردوں کو اور سبی کے علاقے بھاگ میں فتنہ الہندوستان کے 2 دہشتگردوں کو ہلاک کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق گزشتہ 72 گھنٹوں میں بلوچستان میں فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے 48 دہشتگردوں کو ہلاک کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق امسال 2026ء میں مختلف انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 1188 سے زائد دہشت گرد ہلاک ہوچکے ہیں سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے عزم استحکام وژن کے تحت انسداد دہشت گردی کے آپریشنز آخری دہشت گرد کے خاتمے تک جاری رہیں گے۔

بقیہ 03

یلیف فراہم کرنا اور ان کے حقوق کا مؤثر تحفظ یقینی بنانا ہے۔ ماضی میں میٹر کی خرابی، تکنیکی فالٹ یا بجلی کی کھپت کی درست ریکارڈنگ ممکن نہ ہونے کی صورت میں متعلقہ قواعد وضوابط کے تحت صارف کی کھپت کا تخمینہ لگا کر ڈیٹیکشن بلنگ کی جاتی رہی ہے۔ تاہم بعض معاملات میں تخمینہ شدہ کھپت حقیقی استعمال سے مطابقت نہ رکھنے کے باعث صارفین کو اضافی بلنگ اور طویل شکایتی عمل کا سامنا کرنا پڑا۔ اس نظام میں انسانی مداخلت کی گنجائش کے باعث شفافیت اور بے ضابطگیوں سے متعلق خدشات بھی موجود رہے۔ ان مسائل کا نوٹس لیتے ہوئے وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری کی سربراہی میں پاور ڈویژن نے ڈیٹیکشن بلنگ کے نظام کو ڈیجیٹل اور خودکار بنانے کا فیصلہ کیا ہے تاکہ انسانی مداخلت اور غیر ضروری صوابدیدی اختیارات کو کم سے کم کیا جاسکے۔ اس سلسلے میں تمام ڈسٹری بیوشن کمپنیوں کو نیپرا کے کنزیومر سروس مینول میں ضروری ترامیم اور دیگر متعلقہ اقدامات کے لیے ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ نئے نظام کے تحت ڈیٹیکشن بلنگ اور اس سے متعلق ریکوری کے عمل کی ماہانہ بنیادوں پر نگرانی کی جائے گی تاکہ اوور بلنگ اور غیر معمولی رجحانات کے معاملات کی بروقت نشاندہی کر کے ضروری کارروائی یقینی بنائی جا سکے۔ وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری نے کہا کہ پاور سیکٹر میں جاری اصلاحات کا بنیادی مقصد صارفین کو زیادہ سے زیادہ سہولت فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیٹیکشن بلنگ کے نظام میں اصلاحات کے ذریعے صارفین کے حقوق کا تحفظ، بلنگ کے عمل میں شفافیت اور بجلی کے نظام میں عوام کا اعتماد مزید مستحکم کیا جائے گا۔

بقیہ 04

سرکاری و نجی اشتراک اور نجکاری کے ذریعے نجی سرمائے کو متحرک کرنے کے عزم کا اعادہ۔ وزیراعظم کے مشیر برائے نجکاری اور چیئرمین نجکاری کمیشن محمد علی نے کہا کہ ہم نے معاشی ترقی کی باگ ڈور پرائیویٹ سیکٹر کو دینا شروع کردی ہے پاکستان کے مستقبل کے انفراسٹرکچر اور ترقیاتی ضروریات کو صرف حکومتی خرچ سے پورا نہیں کیا جاسکتا۔ نجی شعبے کو انفراسٹرکچر اور اقتصادی اثاثوں کی فنانسنگ، تعمیر اور انتظام میں بڑا کردار ادا کرنا ہوگا۔ وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ نجی شعبے کو پاکستان کی ترقی کے اگلے مرحلے کی قیادت کرنی چاہیے۔ پی پی پیز اور نجکاری سرمایہ کاری لاتے، کارکردگی کو بہتر بنانے اور نجی شعبے کی شرکت کے لیے گنجائش پیدا کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔ جنوبی، وسطی اور مغربی ایشیا کے لیے ایشیائی ترقیاتی بنک کے نائب صدر ینگ منگ یانگ نے نجی شعبے کے ساتھ شراکت کو مضبوط بنانے کے لیے پاکستان کی کوششوں کا خیر مقدم کیا اور نجی شعبے کی بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے لیے پاکستان کے ساتھ ایشیائی ترقیاتی بنک کے دیرینہ تعاون کو جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ینگ منگ یانگ نے پاکستان پی پی پی مانیٹر کی اہمیت پر بھی روشنی ڈالی۔ پی پی پی مانیٹر منصوبوں اور سرمایہ کاری کی سرگرمیوں کے بارے میں معلومات یکجا کرتا ہے، جس سے سرمایہ کاروں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کو پاکستان میں مواقع کی واضح معلومات میسر آئیں گی۔ پاکستان پی پی پی مانیٹر کے مطابق، 1990 سے اب تک پاکستان میں پی پی پی کے 154 منصوبے مکمل کیے جاچکے ہیں، جن میں تقریباً 36 بلین امریکی ڈالر کی سرمایہ کاری کی گ ء۔ موجودہ وفاقی پی پی پی پائپ لائن 38 منصوبوں پر مشتمل ہے، جس کی تخمینہ مالیت تقریباً 6.5 بلین امریکی ڈالر ہے، جس میں سڑکیں، ریلوے، ہوابازی، صحت کی دیکھ بھال اور صنعتی انفراسٹرکچر کے شعبے شامل ہیں۔ حکومت پاکستان پرائیویٹائزیشن پروگرام کے تحت 27 ٹرانزیکشنز کو بھی آگے بڑھا رہی ہے جس میں پاور ڈسٹری بیوشن کمپنیاں، بڑے ہوائی اڈے، انشورنس کمپنیاں اور خصوصی بینک شامل ہیں۔ نیشنل اسٹریٹیجک ڈائیلاگ اور پاکستان پی پی پی مانیٹر کا آغاز نجی سرمایہ کاری کو متحرک کرنے، اقتصادی کارکردگی کو بہتر بنانے اور ملک کے مستقبل کی ضروریات کو سپورٹ کرنے کے لیے پی پی پیز اور نجکاری پر عمل پیرا ہونے کے پاکستان کے عزم کا عکاس ہے۔

بقیہ 05

اور دستی بموں سے حملہ کیا، دہشتگرد پولیس اسٹیشن بھاگ پر قبضہ اور اسلحہ چھیننے میں ناکام رہے، ان کی فائرنگ سے 2 پولیس اہلکار اور 3 شہری زخمی ہوئے۔ معاون وزیراعلیٰ کا کہنا تھا کہ دہشتگرد بینک سے کوئی نقدی لوٹنے میں کامیاب نہیں ہوسکے، بم ڈسپوزل یونٹ نے بینک میں دہشتگردوں کی نصب کردہ آئی ای ڈی بھی ناکارہ بنادی۔

بقیہ 06

مسلح افراد نے صبح تقریباً 5 بجے بھاگ شہر میں داخل ہو کر مختلف مقامات پر ناکہ بندی کی اور سٹی پولیس تھانہ، صدر پولیس تھانہ اور نیشنل بینک پر دھاوا بول دیا۔ حملہ آوروں کی جانب سے مختلف مقامات پر فائرنگ بھی کی گئی۔ مسلح افراد نے اسسٹنٹ کمشنر بھاگ کے دفتر میں توڑ پھوڑ کی، حملہ آوروں کی جانب سے نیشنل بینک کے بعض حصوں کو بھی آگ لگانے اور سب جیل بھاگ میں موجود موٹر سائیکلوں کو نذر آتش کرنے کی اطلاعات ہیں۔ ایس ایچ او صدر بھاگ عبدالرسول جتوئی کے مطابق واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور اے ٹی ایف اہلکاروں نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے حملہ آوروں کا بھرپور مقابلہ کیا اور حملہ پسپا کر دیا۔ پولیس، سیکیورٹی فورسز اور مسلح افراد کے درمیان تقریباً دو گھنٹے تک شدید فائرنگ کا تبادلہ جاری رہا، جس کے باعث شہر میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ فائرنگ کے دوران متعدد حملہ آوروں کے زخمی ہونے جبکہ 3 راہگیروں کے بھی زخمی ہونے کی اطلاعات ہیں۔ واقعے کے بعد پولیس اور سیکیورٹی فورسز نے شہر کے مختلف علاقوں میں سرچ اور سیکیورٹی کارروائیاں شروع کرویں۔ بعد ازاں ڈی آئی جی سی رینج اور ایس ایس پی کچھی بھاگ سٹی پولیس تھانے پہنچے، جہاں انہوں نے صورتحال کا جائزہ لینے کے بعد میڈیا کو پریس بریفنگ دی اور واقعے سے متعلق تفصیلات سے آگاہ کیا۔

بقیہ 07

صدر کے خصوصی ایلچی اور یوگنڈا کے سابق وزیراعظم روہاکانا روگونڈا بھی ہمراہ تھے۔ ملاقات میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، معاون خصوصی طارق فاطمی اور سیکرٹری خارجہ سفیر آمنہ بلوچ بھی موجود تھیں۔ دوران ملاقات وزیراعظم نے اقوام متحدہ کے منشور کے اصولوں اور مقاصد سے پاکستان کی پختہ وابستگی کا اعادہ کیا، بین الاقوامی قانون اور بین الاقوامی معاہدوں کے احترام کو یقینی بنانے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کثیر الجہتی نظام اور عالمی امور میں اقوام متحدہ کے مؤثر کردار کی بھرپور اور مستقل حمایت جاری رکھے گا، موجودہ عالمی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے اقوام متحدہ کے پلیٹ فارم اور کثیر الجہتی تعاون کو مزید مضبوط بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ امید ہے آئندہ سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ کے تین بنیادی ستونوں، یعنی امن وسلامتی، ترقی اور انسانی حقوق پر باہم مربوط اور متوازن انداز میں توجہ مرکوز رکھیں گے۔ سفیر اولارا اوتونو نے کثیر الجہتی نظام کے فروغ اور اقوام متحدہ کے تینوں بنیادی ستونوں کیلئے پاکستان کی دیرینہ اور نمایاں خدمات پر گہری تشکر کا اظہار کیا اور بین الاقوامی امن وسلامتی کیلئے جاری کوششوں میں پاکستان کی قیادت اور اہم کردار کو بھی سراہا۔

بقیہ 08

پر غور کیا گیا۔ وزیراعظم نے مہمان شخصیت کا خیر مقدم کرتے ہوئے شہری بنیادی ڈھانچے، ٹرانسپورٹ اور عوامی خدمات کے منصوبوں میں اے ڈی بی کے تعاون کو سراہا۔ انہوں نے واضح کیا کہ سخت مالیاتی اور انتظامی اصلاحات کی بدولت معیشت میں استحکام آیا ہے اور سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوا ہے۔ ملاقات میں کراچی سے پشاور تک مین لائن-1 (ایم ایل-1) ریلوے کوریڈور کی اپ گریڈیشن پر خصوصی توجہ دی گئی اور اس پر جلد عملی کام شروع کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ فچ، موڈیز اور ایس اینڈ پی جیسی عالمی ریٹنگ ایجنسیوں نے پاکستان کے لیے مستحکم معاشی منظرنامے کی درجہ بندی کی ہے۔ انہوں نے کہا مین لائن-1 (ایم ایل-1) ریلوے کوریڈور کی جدید خطوط پر اپ گریڈیشن مال برداری کے نظام کو بہتر بنانے اور علاقائی تجارتی روابط مضبوط کرنے کے لیے ناگزیر ہے۔ ملاقات میں نجی شعبے کی معاونت، توانائی، غذائی تحفظ، برآمدات، مصنوعی ذہانت (AI) اور انفارمیشن ٹیکنالوجی میں مشترکہ تعاون کا جائزہ لیا گیا۔ ملاقات میں اتفاق کیا گیا کہ کنٹری پارٹنرشپ اسٹریٹیجی 2030-2026 کی ترجیحات کو موثر اقدامات میں ڈھال کر عوام کے معیار زندگی میں بہتری لائی جائے گی۔

بقیہ 09

ی ذمہ داری لگائی گئی تھی کہ ملک وفاقی معاہدے کو عملی شکل دینے کے لئے کام کا آغاز ہونا چاہیے۔ اجلاس میں معاہدے کے تنظیمی ڈھانچے پر تفصیلی گفتگو ہوئی جس میں معاہدے کے سیکریٹریٹ کے مقام، عہدیداران، ممبران کی مدت، نئے ممبران کی معاہدے میں شمولیت سمیت دیگر امور پر بات چیت ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دیگر برادر اسلامی ممالک بھی اس معاہدے کا حصہ بننا چاہتے ہیں۔ اجلاس میں ان ممالک کے لئے بھی شرائط وضوابط پر گفتگو ہوئی ہے کہ کتنی مدت کے بعد نئے ممبران کے لئے اس معاہدے میں شامل ہونے کے دروازے کھولے جانے چاہیے۔ ممبران کی مدت کتنی ہونی چاہیے۔ کن شرائط پر انہیں اس معاہدے کا حصہ بنانا چاہیے۔ ان تمام امور پر ابھی صرف بات ہوئی ہے حتمی فیصلے تو قیادت نے کرنے ہیں ہم تو صرف فریقین کی طرف سے ایک کمیٹی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان انتظامی امور پر ابھی مزید بات چیت جاری رہے گی۔ ابھی اگلے ماہ کے اوائل میں ایک اور اجلاس ہوگا، جس میں یہ دیکھا جائے گا کہ گذشتہ اجلاس میں تبادلہ خیال کئے گئے امور پر کس حد تک کام ہوا ہے اور آگے کیا کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتظامی ڈھانچے پر حتمی بات چیت کے بعد معاملہ ایپکس کمیٹی کو سونپ دیا جائے گا اور پھر اس فورم سے معاملات مزید آگے بڑھیں گے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے تینوں کے فریقین کا آئندہ اجلاس پاکستان میں ہونے کا امکان ظاہر کیا تاہم کہا کہ ابھی اس بارے میں حتمی طور پر کچھ نہیں بتایا جاسکتا۔

بقیہ 10

کے لیے ایک بار پھر پرعزم رہنے اور جان کا نذرانہ دینے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ سیکیورٹی فورسز کے اہلکاروں نے اپنے خصوصی پیغامات میں کہا ہے کہ وہ اس پاک سرزمین کی سرحدوں کے حقیقی امین اور رکھوالے ہیں، اور انہیں اس بات پر فخر ہے کہ ملک کے جاں نثاروں کی فہرست میں ان کا نام بھی شامل ہے۔ جوانوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ جب بھی دشمن نے اس دھرتی کو میلی آنکھ سے دیکھا، انہوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر ملک کو بچایا اور آئندہ بھی ہر اندرونی و بیرونی چیلنج سے نمٹنے کے لیے سینہ سپر رہیں گے۔ جوانوں کا کہنا ہے کہ ہم اس پاک سرزمین کے امین اور رکھوالے ہیں، اور وطن کی حفاظت ہمارا اولین فریضہ ہے۔ ان کا کہنا تھا تاریخ گواہ ہے کہ جب بھی دشمن نے ناپاک حرکت کی، سیکیورٹی فورسز نے جانوں کا نذرانہ دے کر اسے ناکام بنایا۔ جوانوں کا کہنا ہے کہ پاکستان کو اس کی حقیقی منزل تک پہنچانے کے لیے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ آیئے اس دھرتی کے تمام خوابوں کو قوم کے نام کریں اور پاکستان کو ترقی کی معراج تک لے جائیں۔ سیکیورٹی فورسز کے ان جری جوانوں کے عزم سے یہ واضح ہوتا ہے کہ وہ ملک کی جغرافیائی سرحدوں کے دفاع اور اندرونی امن کے قیام کے لیے ہمہ وقت تیار اور ہر قربانی کے لیے پرعزم ہیں۔

بقیہ 11

میں رواں سال کے پہلے 8 ماہ میں 25 ہزار سے زائد غیر قانونی مقیم افغان باشندے گرفتار کرلئے گئے۔ ترکیہ میں جنوری تا اگست تقریباً 95 ہزار غیر قانونی تارکین وطن حراست میں لیے گئے۔ اعداد و شمار کے مطابق گرفتار غیر قانونی تارکین وطن میں سب سے بڑی تعداد افغان شہریوں کی ہے۔ ترک حکام کے مطابق گرفتار افغان باشندوں کے پاس قانونی رہائشی دستاویزات موجود نہیں تھیں۔ اقوام متحدہ کے مطابق 2026 کے پہلے 5 ماہ میں 13 ہزار سے زائد افغان شہریوں کو ترکیہ سے ملک بدر کیا جاچکا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ طالبان رجیم میں افغانستان کی ابتر معاشی صورتحال کے باعث ہزاروں افغان شہری بہتر مستقبل کی تلاش میں غیر قانونی طور پر بیرون ملک جانے پر مجبور ہیں۔ سنگین جرائم میں ملوث غیر قانونی افغان مہاجرین نے میزبان ممالک کیلئے شدید سیکیورٹی خدشات پیدا کردیے ہیں۔

بقیہ 12

کارکردگی، طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی، اسٹاف کی حاضری اور عوام کو فراہم کی جانے والی صحت کی خدمات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ماہانہ کارکردگی رپورٹ کا جائزہ لیتے ہوئے صحت عامہ کی سہولیات کو مزید مؤثر بنانے اور بالخصوص دور دراز اور پسماندہ علاقوں کے عوام کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے پر زور دیا گیا اجلاس میں ہدایت کی گئی کہ بنیادی مراکز صحت میں طبی عملے کی حاضری، ادویات کی دستیابی اور مریضوں کو ضروری طبی خدمات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، جبکہ مراکز صحت کی کارکردگی کو مسلسل مانیٹر کیا جائے۔ اس موقع پر ضلعی آفیسر صحت ڈاکٹر یاسر طاہر نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی صحت عامہ کی پالیسی کے تحت شہریوں کو ان کی دہلیز پر بنیادی اور معیاری صحت کی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام پر زور دیا کہ دور دراز علاقوں میں صحت کی سہولیات کی دستیابی، مؤثر نگرانی اور عوامی شکایات کے بروقت ازالے کو یقینی بنایا جائے اجلاس میں پی پی ایچ آئی کے تحت صحت عامہ کی خدمات میں مزید بہتری، بنیادی مراکز صحت کی کارکردگی بڑھانے اور عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے مختلف اقدامات پر بھی غور کیا گیا۔

بقیہ 13

ٹیررازم اتھارٹی (نیکٹا) کا قومی کوآرڈینیٹر مقرر کردیا ہے۔ ان کی تقرری تین سال کی مدت کے لیے کی گئی ہے۔ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے میجر جنرل فیصل نصیر کی بطور قومی کوآرڈینیٹر نیکٹا تقرری کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وفاقی کابینہ نے سرکولیشن سمری کے ذریعے ان کی تقرری کی منظوری دی۔ دفاعی و سیکیورٹی ذرائع کے مطابق میجر جنرل فیصل نصیر ایک تجربہ کار افسر ہیں اور انہیں انسداد دہشت گردی آپریشنز سمیت مختلف حساس سیکیورٹی معاملات سے نمٹنے کا وسیع تجربہ حاصل ہے۔ ان کی پیشہ ورانہ خدمات اور سیکیورٹی امور میں تجربے کے باعث نیکٹا میں ان کی تقرری کو اہم قرار دیا جارہا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ملک میں دہشت گردی کے خلاف جاری کارروائیوں اور سیکیورٹی چیلنجز کے تناظر میں نیکٹا کا کردار مزید اہم ہوگیا ہے۔ بالخصوص بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے خلاف جاری آپریشنز کے دوران مختلف سیکیورٹی اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ اور انٹیلی جنس معلومات کا بروقت تبادلہ انتہائی اہمیت رکھتا ہے۔ دفاعی وسیکیورٹی ذرائع کے مطابق میجر جنرل فیصل نصیر کی تقرری سے نیکٹا اور متعلقہ سیکیورٹی اداروں کے درمیان کوآرڈی نیشن کو مزید مؤثر بنانے میں مدد ملنے کی توقع ہے۔ قومی کوآرڈینیٹر کی حیثیت سے وہ انسداد دہشت گردی سے متعلق مختلف اداروں کے درمیان رابطہ کاری، پالیسی معاملات اور قومی سطح پر دہشت گردی کے خلاف مربوط حکمت عملی میں اہم کردار ادا کریں گے۔ ذرائع کے مطابق موجودہ سیکیورٹی صورتحال میں نیکٹا کو مزید فعال اور مؤثر بنانے کی ضرورت محسوس کی جارہی ہے، جبکہ میجر جنرل فیصل نصیر کی تقرری اسی تناظر میں ایک اہم پیش رفت قرار دی جارہی ہے۔ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کے نوٹیفکیشن کے بعد میجر جنرل فیصل نصیر تین سال کی مدت کے لیے نیکٹا کے قومی کوآرڈینیٹر کی ذمہ داریاں سنبھالیں گے

بقیہ 14

اظہار انہوں نے جماعت اسلامی بلوچستان کے صوبائی سیکریٹریٹ میں صوبائی ذمہ داران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں صوبائی جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ، انجینئر عبدالمجید بادینی، زاہد اختر بلوچ، مولانا عبدالکبیر شاکر، مولانا محمد عارف دمڑ، حافظ نور علی، عبدالمجید سربازی، طیب فرید خان، سلطان محمد محقق، عبدالولی خان شاکر، روح اللہ سالار ودیگر نے شرکت کی۔ اجلاس میں گزشتہ دھرنے اور 3 ستمبر کی کامیاب شٹر ڈاؤن ہڑتال کی جائزہ رپورٹ پیش کی گئی اور تاجروں، دکانداروں اور شہریوں کے تعاون پر شکریہ ادا کیا گیا۔ اجلاس میں انجمن تاجران رحیم کاکڑ گروپ کی جانب سے جماعت اسلامی کے خلاف پریس کانفرنس اور جھوٹے الزامات کی مذمت کی گئی۔ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کی اولین ضرورت امن ہے، بدامنی نے ہر گھر کو متاثر کیا ہے۔ حکومت فوری طور پر شاہراہوں کو محفوظ، بارڈرز کو قانونی تجارت کے لیے کھولے اور پٹرولیم مصنوعات پر بھتہ خوری کا خاتمہ کرے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی ظلم، جبر، لاقانونیت اور بدامنی کے خلاف احتجاجی تحریک کو مزید وسعت دے گی۔ ڈویژنل سطح پر دھرنے اور احتجاجی کیمپس لگائے جائیں گے اور عوام کے امن، روزگار اور بنیادی حقوق کے لیے پرامن جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ 15

وضبط سے انتہائی متاثر ہوئے۔ کمانڈنٹ پاکستان ملٹری اکیڈمی کاکول سے طلبا وطالبات کی خصوصی نشست بھی ہوئی، طلبہ نے کیڈٹس اور لیڈی کیڈٹس کے ساتھ تربیت کے حوالے سے بات چیت کی۔ طلبہ نے کاکول اکیڈمی میں کیڈٹس کی تعلیم، تربیت، نظم وضبط اور پیشہ ورانہ تیاری کا مشاہدہ بہترین تجربہ قرار دیا۔ اس موقع پر طلباء وطالبات نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ملٹری اکیڈمی کاکول کا دورہ ہمارے لئے باعث فخر اور اعزاز ہے، کاکول اکیڈمی میں کیڈٹس کی تعلیم و تربیت دیکھ کر بے حد خوشی ہوئی۔ طلبہ نے دورے کے دوران کیڈٹس کی تربیت کے مراحل کو قریب سے دیکھنے کے موقع کو سراہا۔ آئی ایس پی آر سمر انٹرن شپ پروگرام 2026 کے طلباء وطالبات نے پی ایم اے کے دورہ کو معلوماتی اور یادگار قرار دیا۔

بقیہ 16

متعلق معلومات حاصل کیں۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے اسکول کی مؤثر انداز میں تعلیمی سرگرمیاں جاری رکھنے پر ہیڈ ماسٹر اور تدریسی عملے کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ معیاری تعلیم کے فروغ اور بچوں کو بہتر تعلیمی ماحول کی فراہمی حکومت بلوچستان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے اساتذہ پر زور دیا کہ وہ طلباء کی تعلیمی و اخلاقی تربیت پر خصوصی توجہ دیتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں مزید محنت، لگن اور احساس ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں تاکہ علاقے کے بچوں کو معیاری تعلیم کے بہتر مواقع میسر آسکیں۔

بقیہ 17

تحت عازمین کو اپنی ضروریات، ترجیحات اور بجٹ کے مطابق 16 بنیادی حج پیکیج میں سے انتخاب کی سہولت فراہم کی گئی ہے، جن کی قیمتیں 14 لاکھ روپے سے ساڑھے 37 لاکھ روپے تک ہیں۔ ترجمان نے بتایا کہ پرائیویٹ حج سکیم میں عازمین کو مختصر ترین دورانیے کے حج پیکیج کے انتخاب کے ساتھ ساتھ بیرون ملک سے سعودی عرب کے لیے براہ راست پروازوں اور فائیو اسٹار حج پیکیج کے انتخاب کی سہولت بھی دستیاب ہے۔ اس سہولت سے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں اور اپنی ترجیحات کے مطابق حج ادا کرنے کے خواہشمند عازمین کو مختلف آپشنز میں سے انتخاب کا موقع ملے گا۔ پرائیویٹ عازمین حج کو ہدایت کی ہے کہ وہ پاک حج ایپ یا حج پورٹل پر دستیاب حج پیکیجز کی تمام تفصیلات کو اچھی طرح سمجھنے اور مطلوبہ سہولیات اور شرائط کا جائزہ لینے کے بعد اپنے لیے موزوں پیکیج کا انتخاب مکمل کریں تاکہ بعد میں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ اضافی وضاحت یا رہنمائی کے لیے ایپ پر موجود متعلقہ حج منظم کمپنی سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ وزارت مذہبی امور نے واضح کیا ہے کہ پرائیویٹ عازمین حج پیکیج کا انتخاب اور ادائیگی صرف اور صرف حج پورٹل کے ذریعے کریں۔ کسی فرد، ایجنٹ یا کمپنی کو براہ راست رقم کی ادائیگی سے گریز کیا جائے۔ ترجمان مذہبی امور کے مطابق کسی فرد یا کمپنی کو براہ راست رقوم کی ادائیگی کی صورت میں وزارت مذہبی امور کسی بھی مالی نقصان کی ذمہ دار نہیں ہوگی۔ واضح رہے کہ رواں برس پرائیویٹ حج سکیم کے لیے 71 ہزار 684 نشستیں مختص کی گئی ہیں۔ پرائیویٹ حج سکیم میں پیکیج کے انتخاب اور ادائیگی کی آخری تاریخ 20 نومبر 2026 مقرر کی گئی ہے۔ عازمین اور حج منظم کمپنیوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ مقررہ تاریخ تک بکنگ اور ادائیگی کا عمل مکمل کیا جائے تاکہ حج انتظامات کو بروقت حتمی شکل دی جاسکے۔ وزارت مذہبی امور کے ترجمان نے واضح کیا کہ مقررہ تاریخ تک پرائیویٹ حج سکیم کا کوٹہ مکمل نہ ہونے کی صورت میں وزارت کو ازسرنو کوٹہ مختص کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔ وزارت کی جانب سے عازمین کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ آخری تاریخ کا انتظار کرنے کے بجائے دستیاب پیکیجز کا بروقت جائزہ لے کر اپنی پسند اور ضرورت کے مطابق پیکیج منتخب کریں اور مقررہ طریقہ کار کے تحت ادائیگی مکمل کریں۔ وزارت مذہبی امور کے مطابق حج آپریشن میں شفافیت، سہولت اور ڈیجیٹلائزیشن کو یقینی بنانے کے لیے پرائیویٹ حج سکیم کے پیکیجز کے انتخاب اور ادائیگی کے عمل کو حج پورٹل اور پاک حج ایپ کے ذریعے سہل بنایا گیا ہے۔ عازمین حج کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ حج پیکیج کے انتخاب اور ادائیگی کے لیے صرف سرکاری ڈیجیٹل پلیٹ فارم استعمال کریں اور کسی غیر مجاز ذریعے سے لین دین نہ کریں

بقیہ 18

ت اور ضلع کی مجموعی ترقی کے حوالے سے بھی اپنی تجاویز صوبائی وزیر کے سامنے رکھیں اور اس کے علاوہ بعض لوگوں نے فرداً اپنے مطالبات صوبائی وزیر کے سامنے پیش کیے۔ صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی نے وفود اور شہریوں کے مسائل توجہ سے سنے اور متعلقہ حکام سے رابطے کے ذریعے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی انہوں نے کہا کہ حکومت عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، پسماندہ علاقوں کی ترقی اور عوامی مسائل کے فوری ازالے کے لیے عملی اقدامات اٹھا رہی ہے اور اس موقع پر صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ عوامی خدمت میں اپنا نصب العین سمجھتا ہوں خاران سمیت بلوچستان کے تمام اضلاع کی یکساں اور متوازن ترقی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ ترقیاتی منصوبوں میں عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایسے منصوبوں کو ترجیح دی جارہی ہے جن سے زیادہ سے زیادہ لوگوں کو فائدہ پہنچ سکے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی نمائندوں اور شہریوں سے براہ راست ملاقاتوں کا مقصد زمینی حقائق سے آگاہی حاصل کرنا اور عوام کو درپیش مسائل ان کی دہلیز پر حل کے لیے مؤثر حکمت عملی مرتب کرنی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ عوامی شکایات اور تجاویز کو سنجیدگی سے لیا جارہا ہے اور متعلقہ محکموں کو ضروری ہدایات جاری کی جائیں گی۔ وفود اور شہریوں نے صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی کی جانب سے مسائل سننے اور ان کے حل کے لیے یقین دہانی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ خاران میں ترقیاتی عمل کو مزید تیز کیا جائے گا اور عوام کو درپیش بنیادی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات جاری رہیں گے۔ جبکہ اس دوران صوبائی وزیر عاصم کرد گیلو اور رکن صوبائی اسمبلی رحمت صالح بلوچ نے بھی صوبائی وزیر خزانہ سے علیحدہ علیحدہ ملاقات کی۔ زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے صوبائی وزیر سے الگ الگ ملاقات کر کے اپنے مسائل اور مطالبات سے ان کو آگاہ کیا۔

بقیہ 19

شروع ہو چکا ہے، جس کا مقصد ملکی تجارت، شفافیت اور آپریشنل کارکردگی کو بین الاقوامی معیار کے مطابق بنانا ہے۔ پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار بندرگاہی ترقی کے لیے 'نیشنل پورٹس ماسٹر پلان' تیار کیا گیا ہے، جس کے تحت یکساں پورٹ ٹیرف نظام نافذ کر کے سرگرمیوں میں مسابقت اور شفافیت کو فروغ دیا گیا ہے۔ کراچی پورٹس پر کارگو مینجمنٹ سسٹم کی جدید کاری سے گنجائش اور پیداواری صلاحیت میں نمایاں بہتری لائی جارہی ہے۔ پاکستان سنگل ونڈو اور فیس لیس کسٹمز اسیسمنٹ کے نفاذ سے کارگو کلیئرنس کا وقت 53 گھنٹے سے ڈرامائی طور پر کم ہو کر صرف 18 گھنٹے رہ گیا ہے۔ فیس لیس نظام کے ذریعے اسیسمنٹ افسران کو محفوظ ڈیجیٹل پلیٹ فارم مہیا کیا گیا ہے۔ کسٹمز، بینکوں اور پورٹ آپریٹرز کو ایک مشترکہ ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر منسلک کر کے کاروباری عمل کو انتہائی تیز اور آسان بنایا گیا ہے۔ جدید ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹلائزیشن پر مبنی اس بندرگاہی نظام سے تجارتی سہولت کاری میں اضافہ ہوا ہے، جو پاکستان کو عالمی تجارتی روابط اور معاشی ترقی کے نئے مواقع فراہم کر رہا ہے۔

بقیہ 20

کے مطابق مختلف ٹرانسمیشن لائن اور گرڈ اسٹیشنوں پر ضروری کام کئے جارہے ہیں۔ اس سلسلے میں 132kv اوستہ محمد۔ روجھان جمالی ٹرانسمیشن لائن پر ٹاورز کی تنصیب کے کام کیلئے 5 ستمبر سے 13 ستمبر تک (روزانہ) 132kv اوستہ محمد اور جھل مگسی گرڈ اسٹیشنوں سے صبح 7 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہیگی۔ دریں اثناء نیشنل گرڈ کمپنی (این جی سی) کی جانب سے 5 ستمبر سے 8 ستمبر تک 220kv سبی۔ کوئٹہ ٹرانسمیشن لائن پر ضروری مرمتی کام کیا جائے گا جسکے باعث مذکورہ ٹرانسمیشن لائن سے (روزانہ) صبح 7 بجے تا شام 5 بجے بجلی کی فراہمی معطل رہے گی اور اس دوران 220 میگاواٹ برقی قلت پیدا ہوگی جسے لوڈمینجمنٹ کے ذریعے پورا کیا جائے گا۔ تاہم کیسکو نے اس دورانیہ میں لوڈ مینجمنٹ کے باعث بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

بقیہ 21

سے اہم ملاقات کی، جس میں پاکستان اور عمان کے درمیان بحری تعاون، تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ سمیت گوادر پورٹ اور عمان کی صحار پورٹ کو سسٹر پورٹس قرار دینے کے معاملے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں گوادر اور صحار کے درمیان براہ راست بندرگاہی رابطے، شپنگ اور کارگو نقل و حرکت میں سہولت، ٹرانزٹ ٹائم میں کمی اور علاقائی تجارت کے فروغ پر زور دیا گیا۔ ملاقات کے دوران سلطنت عمان کی سلام ایئر کے ذریعے گوادر اور عمان کے درمیان فضائی رابطہ جلد شروع کرنے کے معاملے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا، تاکہ گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے ذریعے دونوں ممالک کے درمیان مسافروں اور کاروباری سرگرمیوں کے لیے براہ راست فضائی رابطے کو فروغ دیا جاسکے۔ فریقین نے گوادر فری زون میں عمانی سرمایہ کاری، لاجسٹکس، ویئر ہاؤسنگ اور فشریز کے شعبوں میں مشترکہ منصوبوں کے امکانات کا بھی جائزہ لیا، جبکہ پورٹ مینجمنٹ، ڈریجنگ، ڈیجیٹل پورٹ آپریشنز اور بندرگاہی عملے کی تربیت کے شعبوں میں تکنیکی تعاون بڑھانے پر بھی بات چیت کی گئی۔ ملاقات میں بتایا گیا کہ گوادر اور صحار کو سسٹر پورٹس بنانے کی تجویز نئی نہیں، بلکہ اس حوالے سے 22 اپریل 2021 کو بھی سفارتی سطح پر پیش رفت ہوئی تھی۔ اس وقت عمان کے وزیر ٹرانسپورٹ، کمیونیکیشن و انفارمیشن ٹیکنالوجی نے گوادر اور صحار کو سسٹر پورٹس قرار دینے میں دلچسپی ظاہر کرتے ہوئے پاکستان کی جانب سے مفاہمتی یادداشت (MoU) کا مسودہ طلب کیا تھا۔ چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ اور عمانی قونصل جنرل انجینئر سامع عبداللہ سالم النجری نے اس بات پر اتفاق کیا کہ گوادر اور صحار کے درمیان باضابطہ سسٹر پورٹ معاہدہ علاقائی رابطوں، تجارت اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرسکتا ہے، جبکہ دونوں بندرگاہوں کے درمیان تعاون چین پاکستان اقتصادی راہداری (CPEC) کو خلیجی اور وسطی ایشیائی منڈیوں سے جوڑنے میں بھی اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔ چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ نے گوادر پورٹ کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور عمان کے ساتھ بحری وتجارتی تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اظہار کیا، جبکہ عمانی قونصل جنرل انجینئر سامع عبداللہ سالم النجری نے سسٹر پورٹ اقدام کو آگے بڑھانے کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ ملاقات میں فریقین نے آئندہ ہفتوں کے دوران متعلقہ وزارتوں کے ذریعے معاملے کو آگے بڑھانے اور سسٹر پورٹ معاہدے کے لیے مفاہمتی یادداشت کے مسودے کو حتمی شکل دینے کے امکانات پر بھی اتفاق کیا۔

بقیہ 22

سے مویشیوں کو بیماریوں سے تحفظ اور پیداوار میں اضافے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ چین کا تعاون چھوٹے کسانوں کے ذریعے؟ معاش کے تحفظ میں اہم کردار ادا کرے گا بائیوٹیکنالوجی اور بیماریوں پر قابو پانے کے شعبے میں چین کی مہارت سے پاکستان مستفید ہوگا۔ چینی سفارتخانہ کا کہنا تھا کہ چین پاکستان کے ساتھ زرعی تعاون مزید گہرا کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ 23

ئے احسن اقبال کا کہنا تھا کہ قرض لے کر زرمبادلہ کی ضروریات پوری کرنا محض ایک وقتی حل ہے، مستقل علاج نہیں۔ دنیا کے ترقی پذیر ممالک نے برآمدات بڑھا کر ہی پائیدار ترقی حاصل کی ہے، اور پاکستان کو بھی معاشی بحران سے نکلنے کے لیے 100 ارب ڈالر کی برآمدات کے ہدف کی طرف بڑھنا ہوگا۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ سیاسی عدم استحکام اور پالیسیوں کے تسلسل کا فقدان پاکستان کی ترقی کی راہ میں بڑی رکاوٹ رہا ہے، اور معاشی ترقی کے لیے کم از کم دس سال تک پالیسیوں کا تسلسل انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا زرعی ملک ہونے کے باوجود پاکستان کا زرعی اجناس درآمد کرنا ایک بڑا المیہ ہے، جس کے لیے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا پاکستان اپنی وافر لائیو اسٹاک پیداوار کے باوجود مشرق وسطیٰ کی طلب پوری نہیں کر پا رہا، لہٰذا اس انڈسٹری کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا ہوگا۔ ایگرو فوڈ پروسیسنگ پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا فوڈ پروسیسنگ کے شعبے میں جدید ٹیکنالوجی اپنا کر اور عالمی معیار پر پورا اتر کر زرعی برآمدات میں تیزی سے اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا حکومت زرعی شعبے سے وابستہ مزید ایک ہزار افراد کو دوسرا مرحلہ جلد تربیت کے لیے چین روانہ کرے گی۔ وفاقی وزیر نے مزید کہا کہ نوجوان آبادی کے پیش نظر پاکستان کو 6 سے 8 فیصد معاشی شرح نمو حاصل کرنا ہوگی، جس کے لیے موسمیاتی تبدیلی کے چیلنجز سے نمٹتے ہوئے دستیاب تمام وسائل کو بروئے کار لانا اور برآمدات میں تنوع لانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

بقیہ 24

آئینی تحفظ اور مالی خود مختاری دی جانی چاہیئے، صوبائی حکومتیں صوبائی سطح پر اختیارات کا ارتکاز ختم کریں۔ پراونشل فنانس ایوارڈ کے ذریعے مرکز اور صوبے سے حاصل شدہ وسائل ضلعی سطح پر منتقل کیے جائیں۔ خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ ایک شہر میں چھ چھ اتھارٹیز ایک ہی کام کریں گی تو کام کیسے چلے گا؟ بااختیار مقامی حکومتوں کا نظام قائم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ میونسپل کمیٹیوں، کارپوریشنز اور کینٹونمنٹ بورڈز کے علاوہ یہی کام کرنے والے باقی تمام اداروں کا وجود آئین سے متصادم ہے۔

بقیہ 25

ہے۔ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے واضح کیا ہے کہ امتحان کے لیے عمر کی حد 30 سال اور مواقع کی تعداد 3 ہی برقرار رکھی جائے گی۔ قائمہ کمیٹی کی ذیلی کمیٹی نے سفارش کی تھی کہ سی ایس ایس کے لیے عمر کی حد 30 سے بڑھا کر 35 سال کردی جائے جبکہ امتحان میں شرکت کے مواقع بھی 3 سے بڑھا کر 5 کر دیے جائیں۔ تاہم، اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے اس سفارش کو ناقابل عمل قرار دیتے ہوئے پارلیمانی کمیٹی کو اپنے تحریری مؤقف سے آگاہ کر دیا ہے۔ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کے مطابق عمر کی حد یا مواقع میں تبدیلی کا فیصلہ وفاقی حکومت کے پالیسی دائرہ اختیار میں آتا ہے، اور فیڈرل پبلک سروس کمیشن (FPSC) کے 174 ویں اجلاس میں بھی موجودہ پالیسی کو برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا گیا تھا۔ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کے مطابق عمر کی حد بڑھانے سے امیدواروں کی تعداد میں نمایاں اضافہ ہوسکتا ہے، جس سے امتحانات کے انعقاد اور پیپرز کی جانچ کا دباؤ بڑھ جائے گا۔ جبکہ زیادہ چانسز ملنے سے امیدوار بار بار امتحان دینے کے چکر میں اپنے قیمتی پیداواری سال ضائع کر سکتے ہیں۔ یہ بھی کہا گیا ہے زیادہ عمر میں سول سروس جوائن کرنے والے افسران کی مجموعی مدت ملازمت کم رہ جاتی ہے۔ جبکہ اس اقدام سے اعلیٰ اور کلیدی عہدوں کے لیے تجربہ کار افسران کی طویل المدتی دستیابی شدید متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔

بقیہ 26

نے حالیہ عرصے میں بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ اور معاشی سرگرمیوں کے لیے متعدد اہم اقدامات اور کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ & InvestmentBalochistan 2026(BITE)ExpoTrade کے انعقاد کی تیاری جاری ہیں جبکہ ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں سے مؤثر روابط، اور مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے منصوبوں کو آگے بڑھانا اہم کامیابیوں میں شامل ہے۔ ایک بیان میں بلال خان کاکڑ نے کہا کہ جھینگا فارمنگ منصوبے کے لیے تقریباً 5 ارب روپے کی پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ پر پیش رفت ہوئی ہے، جبکہ گڈانی میں 500 ملین روپے کی لاگت سے HatcheryShrimp کے قیام کے لیے بھی عملی اقدامات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صحت کے شعبے میں برطانوی کمپنی Harley ServiceHealthcare کے ساتھ نجی میڈیکل ونرسنگ کالج کے قیام کا معاہدہ، بوستان اسپیشل اکنامک زون میں چینی سرمایہ کاری کے لیے پیش رفت سمیت متعدد سرمایہ کاری منصوبوں پر کام جاری ہے۔ وائس چیئرمین نے کہا کہ متحدہ عرب امارات میں سرمایہ کاری کے حوالے سے بلوچستان کے 20 منصوبوں کی منظوری، چین اور دیگر ممالک کے ساتھ B2B روابط اور مختلف کاروباری وسرمایہ کاری اداروں کے ساتھ شراکت داری صوبے کو عالمی سرمایہ کاری کے نقشے پر نمایاں کرنے کی جانب اہم پیش رفت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بزنس فیسیلیٹیشن سنٹر کے ذریعے سرمایہ کاروں کو ون ونڈو سہولت کی فراہمی بھی BBoIT کی ترجیحات میں شامل ہے، جس کا مقصد سرمایہ کاری کے عمل کو مزید آسان، شفاف اور تیز بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ BBoIT بلوچستان کے وسائل اور مقامی صلاحیتوں کو عالمی سرمایہ، ٹیکنالوجی اور مہارت سے جوڑنے کے لیے پرعزم ہے، اور یہ اقدامات صوبے میں روزگار، تجارت، صنعت اور پائیدار معاشی ترقی کے نئے مواقع پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 27

دیا۔ دفتر خارجہ کے ترجمان سجاد حیدر خان نے نارووال کے اڈا سراج میں مندر کے حوالے سے بھارتی بیان مسترد کرتے ہوئے کہا کہ مندر طوفانی بارش سے متاثر ہوا ہے۔ پاکستان نارووال مندر پر بھارتی بیان کو واضح طور پر مسترد کرتا ہے، بھارتی وزارت خارجہ نے بیان جھوٹا اور سیاسی مفاد کے لیے دیا۔ ترجمان نے کہا کہ بھارتی جھوٹے پراپیگنڈے کے برعکس مندر کو 21 جولائی 2026 کو طوفانی بارش کے باعث نقصان پہنچا، مقامی انتظامیہ پہلے ہی سروے کرچکی ہے اور بحالی کے اقدامات شروع کردیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ امر شرمناک ہے کہ بھارت حقائق کو توڑ مروڑ کر پیش کررہا ہے اور سستی شعبدہ بازی کا سہارا لے رہا ہے، حقائق کو دانستہ طور پر مسخ کرنے کی ایسی کوششیں بھارت میں اقلیتوں کے منظم استحصال اور ان کی عبادت گاہوں پر ریاستی سرپرستی میں ہونے والے حملوں کے انتہائی ناقص ریکارڈ سے توجہ نہیں ہٹا سکتیں۔ ترجمان نے کہا ہے کہ دنیا ہندوتوا نظریے کو اقلیتوں کے خلاف ایک ہتھیار کے طور پر استعمال کیے جانے سے بخوبی آگاہ ہے، اور اسے بھارتی قیادت کو مسلم، سکھ اور مسیحی برادریوں کے خلاف جاری ظلم وستم پر جواب دہ ٹھہرانا چاہئے۔

بقیہ 28

فورسز، پولیس اور اے ٹی ایف کی خدمات اور قربانیاں قابل فخر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد عناصر بلوچستان کے امن، ترقی اور خوشحالی کو نقصان پہنچانے میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ بلوچستان پولیس اور اے ٹی ایف نے بھاگ کچھی میں ایک بار پھر اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا ہے۔ صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ پوری قوم کی مشترکہ جنگ ہے۔ عوام اور ریاستی ادارے اس جنگ میں متحد ہیں۔ ہم امن دشمن عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ ریاست کی رٹ کو چیلنج کرنے والے عناصر کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ صوبائی وزیر نے قلات اور بھاگ کچھی کی کارروائیوں میں حصہ لینے والے تمام افسران و جوانوں کو خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ 29

میں اہم کردار ادا کیا۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز شہید عثمان خان کاکڑ لائبریری کیلئے 151 کتابوں کا تحفہ دینے کے موقع پر کہی۔ اس موقع پر سابق وفاقی وزیر میر ہمایوں عزیز کرد، حاجی ظفر صدیق، عمر جان بلوچ سمیت دیگر بھی موجود تھے، انہوں نے کہا کہ جمہوری وعوامی جدوجہد کیلئے اس سرزمین کے لوگ اپنے آپ کو کتاب کے ساتھ منسلک کریں، ہماری کوشش ہے کہ کتاب دوست تحریک کو مزید تیز کریں، صاحب حیثیت افراد سے درخواست ہے کہ وہ اپنی آمدن کا ایک حصہ کتاب دوستی کو پروان چڑھانے کیلئے وقف کرتے ہوئے کتابوں کا تحفہ دیں تاکہ ہمارے سماج جس کو ایک منظم پالیسی کے تحت تعلیم کے لحاظ سے پسماندہ رکھا گیا ہے اس کی پسماندگی کا خاتمہ ممکن ہو۔

بقیہ 30

فراز بگٹی نے کہا کہ قلات میں سیکیورٹی فورسز اور بھاگ کچھی میں بلوچستان پولیس وا ے ٹی ایف کی بروقت اور مؤثر کارروائیاں امن دشمن عناصر کے خلاف ریاست کے مضبوط عزم کی عکاس ہیں۔ سیکیورٹی اداروں نے اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے دہشت گرد عناصر کے عزائم ناکام بنائے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن وامان کے قیام کے لیے سیکیورٹی فورسز، پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی خدمات اور قربانیاں قابل فخر ہیں۔ عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے فرائض انجام دینے والے جوان قوم کے ہیرو ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گرد عناصر بلوچستان کے امن، ترقی اور خوشحالی کو نقصان پہنچانے میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ حکومت بلوچستان امن دشمن عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی پر عمل پیرا ہے اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان پولیس اور اے ٹی ایف نے بھاگ کچھی میں ایک بار پھر ثابت کیا ہے کہ ہمارے قانون نافذ کرنے والے ادارے کسی بھی چیلنج سے نمٹنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔ سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیاں عوام کے اعتماد میں مزید اضافہ کرتی ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ کسی ایک ادارے کی نہیں بلکہ پوری قوم کی مشترکہ جنگ ہے۔ حکومت، سیکیورٹی ادارے اور عوام متحد ہو کر امن دشمن عناصر کا مقابلہ کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ''عزم استحکام'' کے تحت دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے قومی کوششیں جاری ہیں اور بلوچستان میں امن وترقی کے سفر کو ہر صورت آگے بڑھایا جائے گا۔ ریاست کی رٹ کو چیلنج کرنے والے عناصر کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے قلات اور بھاگ کچھی کی کارروائیوں میں حصہ لینے والے سیکیورٹی فورسز، بلوچستان پولیس اور اے ٹی ایف کے افسران وجوانوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم اپنے بہادر جوانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ 31

سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مسلسل کارروائیاں قابل تحسین ہیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ دہشت گردی کے ناسور کو ہر قیمت پر شکست دی جائے گی۔ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنی سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ 32

متعلق امور اور جی ڈی اے و ریلوے حکام کے درمیان رابطہ کاری سمیت دیگر تکنیکی و انتظامی معاملات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ریلوے منصوبہ گوادر کو ملک کے موجودہ ریلوے نیٹ ورک سے منسلک کرنے، بندرگاہ سے اندرون ملک تجارتی سامان کی ترسیل کو بہتر بنانے اور بلوچستان کے مختلف علاقوں کو قومی تجارتی وسفری نظام سے مربوط کرنے میں اہم پیش رفت متوقع ہے۔ منصوبہ بالخصوص گوادر پورٹ کو اندرون ملک منڈیوں اور صنعتی و تجارتی مراکز تک ریل کے ذریعے رسائی فراہم کرنے میں معاون ثابت ہو سکتا ہے۔ ریلوے رابطے کی اہمیت صرف مسافر سفری سہولت تک محدود نہیں بلکہ فریٹ اور کارگو ٹرانسپورٹ، معدنی وسائل کی ترسیل، بندرگاہی سرگرمیوں، تجارت اور علاقائی اقتصادی ترقی کے حوالے سے بھی نمایاں ہے۔ بلوچستان کے معدنی وسائل سے مالا مال علاقوں کو گوادر پورٹ سے جوڑنے کے نتیجے میں معدنیات اور دیگر تجارتی سامان کی نسبتاً موثر اور کم لاگت نقل وحمل کے امکانات پیدا ہوں گے۔ وفاقی حکام کے مطابق گوادر سے ریلوے رابطہ مستقبل میں ایران کے راستے ترکی اور دیگر بین الاقوامی منڈیوں تک رابطے کو بھی تقویت دے سکتا ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان ریلوے کی جانب سے گوادر کو قومی ریلوے نیٹ ورک سے منسلک کرنے کے لیے مختلف روٹس پر منصوبہ بندی اور فزیبلٹی کا عمل جاری ہے۔ پاکستان ریلوے نے گوادر سے نوکنڈی تک تقریباً 675 کلومیٹر نئے ریلوے لنک کے لیے فزیبلٹی اسٹڈی اور ٹرانزیکشن ایڈوائزری سروسز بھی طلب کی ہیں، جو گوادر کو بلوچستان کے معدنی خطے سے جوڑنے کے وسیع تر تصور کا حصہ ہے

بقیہ 33

پاکستان قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان، عالمی شہرت یافتہ آل راؤنڈر اور شاہد آفریدی فاؤنڈیشن کے بانی چیئرمین ''شاہد خان آفریدی، چیئرمین میونسپل کمیٹی گڈانی، وڈیرہ جان شیر بلوچ کی خصوصی دعوت پر ایک روزہ دورے کے لیے گڈانی پہنچ گئے۔ ان کی آمد پر شاندار استقبال کیا گیا جبکہ پھولوں کی پتیاں نچھاور کر کے قومی ہیرو کو والہانہ انداز میں خوش آمدید کہا گیا۔ شاہد آفریدی کی گڈانی آمد کی خبر سنتے ہی علاقے سمیت بلوچستان بھر سے تعلق رکھنے والے ہزاروں شائقین کرکٹ اور مداحوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ بڑی تعداد میں لوگوں نے اپنے پسندیدہ کرکٹر کی ایک جھلک دیکھنے کے لیے شرکت کی، ان کے ساتھ سیلفیاں بنوائیں اور آٹوگراف حاصل کیے۔ شاہد آفریدی بھی عوام میں گھل مل گئے اور ان کی محبتوں اور خلوص کا شکریہ ادا کیا۔ دورے کے دوران شاہد خان آفریدی نے دنیا کے معروف گڈانی شپ بریکنگ یارڈ کا خصوصی دورہ کیا، جہاں گڈانی شپ بریکنگ ایسوسی ایشن کے نمائندے اور ملک کے معروف شپ بریکر فروخ بجوانی نے انہیں اس اہم صنعتی شعبے کی معاشی اہمیت، درپیش مسائل اور مستقبل میں ترقی کے امکانات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ شاہد آفریدی فاؤنڈیشن گڈانی میں فلاحی، تعلیمی اور سماجی ترقی کے منصوبوں کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔ چیئرمین میونسپل کمیٹی گڈانی وڈیرہ جان شیر بلوچ کی خصوصی درخواست پر شاہد خان آفریدی نے اعلان کیا کہ ''شاہد آفریدی فاؤنڈیشن آئندہ ایک ماہ کے دوران گڈانی میں کرکٹ اور فٹبال اسٹیڈیم، اسکل ڈویلپمنٹ انسٹی ٹیوٹ، تعلیمی اداروں کی بہتری اور پینے کے صاف پانی کی فراہمی سے متعلق منصوبوں پر عملی اقدامات کا آغاز کرے گی اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے شاہد آفریدی نے بلوچستان اور بالخصوص بلوچ نوجوانوں کی صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ''مجھے بلوچ قوم سے دلی محبت ہے۔ میرے بہت سے بلوچ دوست ہیں اور مجھے ان کی دوستی پر فخر ہے۔ میری خواہش ہے کہ میں اپنے ٹرسٹ کے ذریعے بلوچستان کے عوام، خصوصاً نوجوانوں کی فلاح و بہبود اور ترقی کے لیے مزید کام کروں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین میونسپل کمیٹی گڈانی وڈیرہ جان شیر بلوچ نے شاہد خان آفریدی کو گڈانی آمد پر خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ گڈانی کے عوام اپنے قومی ہیرو کی آمد پر بے حد خوش اور فخر محسوس کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شاہد آفریدی نے نہ صرف کرکٹ کے میدان میں پاکستان کا نام دنیا بھر میں روشن کیا بلکہ اپنی فلاحی خدمات کے ذریعے لاکھوں لوگوں کے دل بھی جیتے ہیں۔ ان کا شمار ان شخصیات میں ہوتا ہے جو نوجوان نسل کے لیے محنت، لگن، حب الوطنی اور خدمت خلق کی روشن مثال ہیں۔ وڈیرہ جان شیر بلوچ نے مزید کہا کہ گڈانی ایک اہم صنعتی اور ساحلی علاقہ ہونے کے باوجود تعلیم، کھیلوں، فنی تربیت اور پینے کے صاف پانی جیسے بنیادی شعبوں میں مزید توجہ کا متقاضی ہے۔ شاہد آفریدی فاؤنڈیشن کی جانب سے ترقیاتی اور فلاحی منصوبوں کے آغاز کا اعلان علاقے کے عوام خصوصاً نوجوانوں کے لیے ایک خوش آئند پیش رفت ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ فاؤنڈیشن کے تعاون سے گڈانی میں کھیلوں کے فروغ، تعلیمی معیار کی بہتری، ہنرمند نوجوانوں کی تربیت اور عوامی فلاح کے دیگر منصوبوں میں نمایاں پیش رفت ہوگی۔ انہوں نے شاہد آفریدی کی گڈانی آمد، عوام سے اظہار محبت اور علاقے کی ترقی میں دلچسپی لینے پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ گڈانی کے عوام ان کی اس محبت اور تعاون کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھیں گے۔ بعد ازاں وڈیرہ جان شیر بلوچ کی جانب سے قومی ہیرو شاہد خان آفریدی کے اعزاز میں ایک پرتکلف ظہرانے کا اہتمام کیا گیا، جس میں معززین علاقہ، سیاسی وسماجی شخصیات، شپ بریکنگ صنعت سے وابستہ نمائندگان، نوجوانوں اور شاہد آفریدی کے رفقا نے شرکت کی

بقیہ 34

قدامات اٹھائے اگر کسان خوشحال ہوگا تو بلوچستان اور پاکستان خوشحال ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو اپنے دفتر میں پریس کانفرنس کے دوران کیا انہوں نے کہا کہ کسان کسی بھی ملک کی غذائی قلت کو پورا کرتا ہے جس میں چاول، سبزیاں، پھل اور دیگر اجناس شامل ہے۔ جس کی وجہ سے ملک کے زرمبادلہ میں بہتری لانے کے لئے اہم کردار ادا کرتا ہے موجودہ حکومت کے برسر اقتدار آنے سے لیکر اب تک گزشتہ تین سالوں میں حکومت کی ناقص پالیسیوں کی وجہ سے کسان بدحالی کا شکار ہے آج بلوچستان میں آٹے کے ریٹ کا سب سے گھمبیر مسئلہ ہے اور پاکستان میں سب سے مہنگا آٹا کوئٹہ اور بلوچستان میں لوگوں کو مل رہا ہے غریب کسان کو گندم کاشت کرنے کے باوجود فصل کا ریٹ بھی پورا نہیں ملا اور آج غریب شہری سستی روٹی سے محروم ہیں دیہاتی علاقوں میں غربت بڑھ رہی ہے بلوچستان میں انڈسٹری نہ ہونے کی وجہ سے لوگوں کا ذریعہ معاش زراعت، مالداری، بارڈر ٹریڈ اور تجارت سے وابستہ ہے اور یہ شعبے زبوں حالی کا شکار ہے جس طرح کھاد، سولر کا سامان، ٹیوب ویل، بیج، زرعی ادویات کی آمدورفت پر پابندی کا خاتمہ کر کے زراعت پر ایمرجنسی لگائی جائے تاکہ زرعی شعبے کی بہتری ممکن ہوسکے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی تقدیر کا فیصلہ کرنے والی بیوروکریسی کی دوہری شہریت ختم کر کے ان کے بیرونی دوروں کی تحقیقات کرائی جائیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں سیکورٹی حالات کی وجہ سے حالات انتہائی کشیدہ کوئی شاہراہ محفوظ نہیں ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ چیف سیکرٹری بلوچستان گزشتہ تین سال سے بلوچستان میں فرائض ادا کر رہے ہیں

بقیہ 01

متعلق امور اور جی ڈی اے و ریلوے حکام کے درمیان رابطہ کاری سمیت دیگر تکنیکی و انتظامی معاملات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ریلوے منصوبہ گوادر کو ملک کے موجودہ ریلوے نیٹ ورک سے منسلک کرنے، بندرگاہ سے اندرون ملک تجارتی سامان کی ترسیل کو بہتر بنانے اور بلوچستان کے مختلف علاقوں کو قومی تجارتی و سفری نظام سے مربوط کرنے میں اہم پیش رفت متوقع ہے۔ منصوبہ بالخصوص گوادر پورٹ کو اندرون ملک منڈیوں اور صنعتی و تجارتی مراکز تک ریل کے ذریعے رسائی فراہم کرنے میں معاون ثابت ہو سکتا ہے۔ ریلوے رابطے کی اہمیت صرف مسافر سفری سہولت تک محدود نہیں بلکہ فریٹ اور کارگو ٹرانسپورٹ، معدنی وسائل کی ترسیل، بندرگاہی سرگرمیوں، تجارت اور علاقائی اقتصادی ترقی کے حوالے سے بھی نمایاں ہے۔ بلوچستان کے معدنی وسائل سے مالا مال علاقوں کو گوادر پورٹ سے جوڑنے کے نتیجے میں معدنیات اور دیگر تجارتی سامان کی نسبتاً موثر اور کم لاگت نقل و حمل کے امکانات پیدا ہوں گے۔ وفاقی حکام کے مطابق گوادر سے ریلوے رابطہ مستقبل میں ایران کے راستے ترکی اور دیگر بین الاقوامی منڈیوں تک رابطے کو بھی تقویت دے سکتا ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان ریلوے کی جانب سے گوادر کو قومی ریلوے نیٹ ورک سے منسلک کرنے کے لیے مختلف روٹس پر منصوبہ بندی اور فزیبلٹی کا عمل جاری ہے۔ پاکستان ریلوے نے گوادر سے کوئٹہ تک تقریباً 675 کلومیٹر نئے ریلوے لنک کے لیے فزیبلٹی اسٹڈی اور ٹرانزیکشن ایڈوائزری سروسز بھی طلب کی ہیں، جو گوادر کو بلوچستان کے معدنی خطے سے جوڑنے کے وسیع تر تصور کا حصہ ہے

بقیہ 02

پاکستان قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان، عالمی شہرت یافتہ آل راؤنڈر اور شاہد آفریدی فاؤنڈیشن کے بانی چیئرمین ""شاہد خان آفریدی، چیئرمین میونسپل کمیٹی گڈانی، وڈیرہ جان شیر بلوچ کی خصوصی دعوت پر ایک روزہ دورے کے لیے گڈانی پہنچ گئے۔ ان کی آمد پر شاندار استقبال کیا گیا جبکہ پھولوں کی پتیاں نچھاور کر کے قومی ہیرو کو والہانہ انداز میں خوش آمدید کہا گیا۔ شاہد آفریدی کی گڈانی آمد کی خبر سنتے ہی علاقے سمیت بلوچستان بھر سے تعلق رکھنے والے ہزاروں شائقین کرکٹ اور مداحوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ بڑی تعداد میں لوگوں نے اپنے پسندیدہ کرکٹر کی ایک جھلک دیکھنے کے لیے شرکت کی، ان کے ساتھ سیلفیاں بنوائیں اور آٹوگراف حاصل کیے۔ شاہد آفریدی بھی عوام میں گھل مل گئے اور ان کی محبتوں اور خلوص کا شکریہ ادا کیا۔ دورے کے دوران شاہد خان آفریدی نے دنیا کے معروف گڈانی شپ بریکنگ یارڈ کا خصوصی دورہ کیا، جہاں گڈانی شپ بریکنگ ایسوسی ایشن کے نمائندے اور ملک کے معروف شپ بریکر فروخ بجوانی نے انہیں اس اہم صنعتی شعبے کی معاشی اہمیت، درپیش مسائل اور مستقبل میں ترقی کے امکانات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ شاہد آفریدی فاؤنڈیشن گڈانی میں فلاحی، تعلیمی اور سماجی ترقی کے منصوبوں کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔ چیئرمین میونسپل کمیٹی گڈانی وڈیرہ جان شیر بلوچ کی خصوصی درخواست پر شاہد خان آفریدی نے اعلان کیا کہ ""شاہد آفریدی فاؤنڈیشن آئندہ ایک ماہ کے دوران گڈانی میں کرکٹ اور فٹبال اسٹیڈیم، اسکل ڈویلپمنٹ انسٹی ٹیوٹ، تعلیمی اداروں کی بہتری اور پینے کے صاف پانی کی فراہمی سے متعلق منصوبوں پر عملی اقدامات کا آغاز کرے گی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے شاہد آفریدی نے بلوچستان اور بالخصوص بلوچ نوجوانوں کی صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ "" مجھے بلوچ قوم سے دلی محبت ہے۔ میرے بہت سے بلوچ دوست ہیں اور مجھے ان کی دوستی پر فخر ہے۔ میری خواہش ہے کہ میں اپنے ٹرسٹ کے ذریعے بلوچستان کے عوام خصوصاً نوجوانوں کی فلاح، بہبود اور ترقی کے لیے مزید کام کروں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین میونسپل کمیٹی گڈانی وڈیرہ جان شیر بلوچ نے شاہد خان آفریدی کو گڈانی آمد پر خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ گڈانی کے عوام اپنے قومی ہیرو کی آمد پر بے حد خوشی اور فخر محسوس کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شاہد آفریدی نے نہ صرف کرکٹ کے میدان میں پاکستان کا نام دنیا بھر میں روشن کیا بلکہ اپنی فلاحی خدمات کے ذریعے لاکھوں لوگوں کے دل بھی جیتے ہیں۔ ان کا شمار ان شخصیات میں ہوتا ہے جو نوجوان نسل کے لیے محنت، لگن، حب الوطنی اور خدمت خلق کی روشن مثال ہیں۔ وڈیرہ جان شیر بلوچ نے مزید کہا کہ گڈانی ایک اہم صنعتی اور ساحلی علاقہ ہونے کے باوجود تعلیم، کھیلوں، فنی تربیت اور پینے کے صاف پانی جیسے بنیادی شعبوں میں مزید توجہ کا متقاضی ہے۔ شاہد آفریدی فاؤنڈیشن کی جانب سے ترقیاتی اور فلاحی منصوبوں کے آغاز کا اعلان علاقے کے عوام خصوصاً نوجوانوں کے لیے ایک خوش آئند پیش رفت ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ فاؤنڈیشن کے تعاون سے گڈانی میں کھیلوں کے فروغ، تعلیمی معیار کی بہتری، ہنرمند نوجوانوں کی تربیت اور عوامی فلاح کے دیگر منصوبوں میں نمایاں پیش رفت ہوگی۔ انہوں نے شاہد آفریدی کی گڈانی آمد، عوام سے اظہار محبت اور علاقے کی ترقی میں دلچسپی لینے پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ گڈانی کے عوام ان کی اس محبت اور تعاون کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھیں گے۔ بعد ازاں وڈیرہ جان شیر بلوچ کی جانب سے قومی ہیرو شاہد خان آفریدی کے اعزاز میں ایک پرتکلف ظہرانے کا اہتمام کیا گیا، جس میں معززین علاقہ، سیاسی و سماجی شخصیات، شپ بریکنگ صنعت سے وابستہ نمائندگان، نوجوانوں اور شاہد آفریدی کے رفقائے شرکت کی

بقیہ 03

قدامات اٹھائے اگر کسان خوشحال ہوگا تو بلوچستان اور پاکستان خوشحال ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو اپنے دفتر میں پریس کانفرنس کے دوران کیا انہوں نے کہا کہ کسان کسی بھی ملک کی غذائی قلت کو پورا کرتا ہے جس میں چاول، سبزیاں، پھل اور دیگر اجناس شامل ہے، جس کی وجہ سے ملک کے زرمبادلہ میں بہتری لانے کے لئے اہم کردار ادا کرتا ہے موجودہ حکومت کے برسر اقتدار آنے سے لیکر اب تک گزشتہ تین سالوں میں حکومت کی ناقص پالیسیوں کی وجہ سے کسان بدحالی کا شکار ہے آج بلوچستان میں آٹے کے ریٹ کا سب سے گھمبیر مسئلہ ہے اور پاکستان میں سب سے مہنگا آٹا کوئٹہ اور بلوچستان میں لوگوں کو مل رہا ہے غریب کسان کو گندم کاشت کرنے کے باوجود فصل کا ریٹ بھی پورا نہیں ملا اور آج غریب شہری سستی روٹی سے محروم ہیں دیہاتی علاقوں میں غربت بڑھ رہی ہے بلوچستان میں انڈسٹری نہ ہونے کی وجہ سے لوگوں کا ذریعہ معاش زراعت، مالداری، بارڈر ٹریڈ اور تجارت سے وابستہ ہے اور یہ شعبے زبوں حالی کا شکار ہے جس طرح کھاد، سولر کا سامان، ٹیوب ویل، بیج، زرعی ادویات کی آمدورفت پر پابندی کا خاتمہ کرکے زراعت پر ایمرجنسی لگائی جائے تاکہ زرعی شعبے کی بہتری ممکن ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی تقدیر کا فیصلہ کرنے والی بیوروکریسی کی دوہری شہریت ختم کرکے ان کے بیرونی دوروں کی تحقیقات کرائی جائیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں سیکورٹی حالات کی وجہ سے حالات انتہائی کشیدہ کوئی شاہراہ محفوظ نہیں ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ چیف سیکرٹری بلوچستان گزشتہ تین سال سے بلوچستان میں فرائض ادا کر رہے ہیں لیکن حالات کو بہتر بنانے میں مکمل طور پر ناکام ہے اس لئے انہیں اب جانا چاہئے اور کسی فرض شناس گڈ گورننس کے لئے کام کرنے والے آفیسر کو تعینات کرکے بلوچستان کی گھمبیر صورتحال کو بہتر بنایا جائے تاکہ صوبے کے لوگوں، تاجروں سمیت تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے لوگوں میں پائی جانے والی تشویش دور ہو سکے۔

بقیہ 04

ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی جانب سے چوری ڈکیتی اور راہزنی کی وارداتوں کی تدارک کے لئے ہدایت پر عمل کرتے ہوئے ایس پی صدر ڈویژن شفقت امیر جنجوعہ کی نگرانی میں ڈی ایس پی صدر شوکت جدون کی سربراہی میں ایس ایچ او بروری اور دیگر عملے نے ہزارہ ٹاؤن کے میں خاتون ٹیچرز سے 2 موٹر سائیکل سواروں کی جانب سے پرس اور دیگر سامان چھینے کا نوٹس لیتے ہوئے ملزمان شیر علی اور ضیم کو گرفتار کرکے چھینا گیا پرس، موبائل فون، اے ٹی ایم کارڈ، شناختی کارڈ، نقدی اور دیگر سامان سمیت ایک پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کرلیا۔ ملزمان کے خلاف غیر قانونی اسلحہ رکھنے اور ڈکیتی کا مقدمہ درج کرکے تحقیقات شروع کردی۔

بقیہ 05

ترجیح ہے اور لوگوں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام سے براہ راست رابطہ اور ان کے مسائل ان کی دہلیز پر سننا ہی حقیقی عوامی نمائندگی ہے۔ عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت یا تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ اس موقع پر شہریوں نے حاجی علی مدد جتک کی جانب سے کھلی کچہری کے انعقاد اور عوامی مسائل سننے کے اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے اقدامات سے عوام اور منتخب نمائندوں کے درمیان رابطہ مزید مضبوط ہوتا ہے۔

بقیہ 06

طلبہ میں صفائی کی اہمیت اور اپنے ماحول کو صاف رکھنے کے حوالے سے شعور اجاگر کیا گیا۔ صفا کوئٹہ حکام نے کہا کہ صاف ستھرا اور صحت مند ماحول معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے، اور طلبہ کو صفائی کے حوالے سے باشعور بنا کر ایک بہتر اور صاف کوئٹہ کے قیام میں اہم کردار ادا کیا جا سکتا ہے۔ اس سلسلے میں جناح ایلیٹ اسکول میں طلبہ کے لیے آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ آگاہی سیشن کا مقصد طلبہ میں صفائی ستھرائی، حفظان صحت اور صحت مند و صاف ستھرے ماحول کی اہمیت کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا تھا۔ اس موقع پر طلبہ کو ذاتی صفائی، اسکول اور اردگرد کے ماحول کو صاف رکھنے اور صحت مند معاشرے کے قیام میں اپنا کردار ادا کرنے کے حوالے سے آگاہی دی گئی۔ صفا کوئٹہ کی ٹیم نے طلبہ پر زور دیا کہ صفائی کو اپنی روزمرہ زندگی کا لازمی حصہ بنائیں اور صاف ستھرے ماحول کے فروغ میں اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ 07

امی مفاد سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ افسران نے اپنے اپنے محکموں کی جانب سے جاری اقدامات اور پیش رفت سے ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی ہدایات کی روشنی میں ضلع چمن میں صحیاری صفائی اور شجرکاری مہم پر خصوصی توجہ دی گئی۔ اجلاس میں میونسپل کارپوریشن، محکمہ لوکل گورنمنٹ اور محکمہ جنگلات کے افسران نے صفائی و شجرکاری مہم کے حوالے سے جاری سرگرمیوں اور پیش رفت پر تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ صفائی مہم کو مزید موثر اور منظم بنایا جائے اور شہر کے اہم مقامات، شاہراہوں، بازاروں، داخلی و خارجی راستوں اور عوامی مقامات پر صفائی کے انتظامات کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے شجرکاری مہم کو بھی موثر انداز میں آگے بڑھانے اور لگائے گئے پودوں کی حفاظت و نگہداشت پر خصوصی توجہ دینے کی ہدایت کی، تاکہ چمن کو صاف، سرسبز، شاداب اور خوبصورت بنانے کے مقصد کو عملی طور پر یقینی بنایا جا سکے۔ اجلاس میں امن و امان کی صورتحال کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ اداروں کو باہمی رابطہ کاری مزید مضبوط بنانے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے موثر اقدامات جاری رکھنے کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر حبیب احمد بنگلزئی نے کہا کہ صاف ستھرا، سرسبز اور پرامن چمن ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو اپنی ذمہ داریاں موثر انداز میں ادا کرنا ہوں گی۔ انہوں نے افسران پر زور دیا کہ حکومتی ہدایات پر عملدرآمد، عوامی سہولیات کی فراہمی اور جاری ترقیاتی و انتظامی اقدامات کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 08

افسران کی جانب سے ڈپٹی کمشنر نصیرآباد کو زرعی انکم ٹیکس عشر اور آبیانہ کی مد میں زمینداروں پر واجب الادا بقایاجات اب تک ہونے والی وصولی اور مقررہ اہداف کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی افسران نے وصولی کے عمل میں درپیش مسائل اور آئندہ کے لائحہ عمل سے بھی آگاہ کیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نصیرآباد دریندرلعل نے ریونیو افسران سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کے مقررہ ریونیو اہداف کا حصول ضلعی انتظامیہ کی اہم ذمہ داری ہے زرعی انکم ٹیکس، عشر، آبیانہ اور دیگر سرکاری واجبات کی مد میں زمینداروں پر واجب الادا بقایاجات کی وصولی کو ہر ممکن یقینی بنایا جائے انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ مقررہ ریونیو ہدف کے حصول کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں اور بقایاجات کی وصولی کے عمل کو مزید تیز کیا جائے انہوں نے کہا کہ ریونیو ریکارڈ کو باقاعدگی سے اپ ڈیٹ رکھا جائے اور واجبات کی وصولی میں کسی قسم کی سستی یا غفلت کا مظاہرہ نہ کیا جائے ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ ریونیو افسران فیلڈ میں اپنی موجودگی یقینی بنائیں اور متعلقہ زمینداروں سے رابطہ کرکے سرکاری واجبات کی بروقت ادائیگی کے حوالے سے انہیں آگاہی فراہم کریں انہوں نے واضح کیا کہ مقررہ اہداف کے حصول کے لیے تمام افسران اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دیں اور روزانہ کی بنیاد پر وصولی کی پیش رفت کا جائزہ لیا جائے انہوں نے کہا کہ سرکاری واجبات کی بروقت وصولی سے نہ صرف حکومت کے ریونیو اہداف پورے ہوں گے بلکہ ضلعی سطح پر جاری ترقیاتی اور عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کے لیے بھی وسائل کی فراہمی میں مدد ملے گی اجلاس میں ریونیو سے متعلق دیگر امور بقایاجات کی وصولی میں حائل رکاوٹوں اور ان کے حل کے حوالے سے بھی تفصیلی غور وخوض کیا گیا جبکہ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ مقررہ اہداف کے حصول کے لیے مربوط حکمت عملی کے تحت موثر اقدامات جاری رکھے جائیں

بقیہ 09

لورالائی میں کیا گیا۔ سیمینار کی صدارت اسسٹنٹ کمشنر لورالائی، ندیم اکرم نے کی۔ سیمینار کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کے بعد نقیب ناصر، ڈی این سی لورالائی نے شرکاء کو ماں، نوزائیدہ اور بچے کی صحت سے متعلق اہم ترجیحی رویوں کے انٹروینشن 2026 کے حوالے سے بریفنگ دی۔ انہوں نے انٹروینشن کے مقاصد، اہم سرگرمیوں اور ضلع میں اس کے نفاذ کے حوالے سے شرکاء کو آگاہ کیا۔ اس موقع پر خیر محمد بلوچ، ایس بی سی کنسلٹنٹ، ای پی آئی ہیڈکوارٹر بلوچستان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ماں اور بچے کی صحت بلوچستان میں ایک اہم ترجیح ہے اور اس شعبے میں بہتری کے لیے تمام متعلقہ اداروں اور کمیونٹی اسٹیک ہولڈرز کا مشترکہ کردار ناگزیر ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بلوچستان میں زچگی کی شرح اموات (MMR) 298 فی ایک لاکھ زندہ پیدائشیں جبکہ شیرخوار بچوں کی شرح اموات 48 فی ایک ہزار زندہ پیدائشیں ہے، جو ماں اور بچے کی صحت کو درپیش اہم چیلنجز کی نشاندہی کرتی ہے۔ انہوں نے انتظامیہ، محکمہ صحت، سیاسی و مذہبی رہنماؤں، میڈیا، کمیونٹی عمائدین اور دیگر اسٹیک ہولڈرز پر زور دیا کہ وہ ماں، نوزائیدہ اور بچے کی صحت سے متعلق اہم ترجیحی رویوں کے انٹروینشن کی کامیابی کے لیے بھرپور تعاون کریں اور کمیونٹی میں صحت سے متعلق مثبت رویوں کے فروغ میں اپنا کردار ادا کریں۔ ڈاکٹر حنیف، چائلڈ اسپیشلسٹ نے شرکاء کو ماں، نوزائیدہ اور بچے کی صحت کے اہم پہلوؤں سے آگاہ کیا۔ انہوں نے قبل از پیدائش نگہداشت (ANC)، بعد از زچگی نگہداشت (PNC)، حفاظتی ٹیکہ جات، غذائیت اور خطرے کی علامات (Danger Signs) پر تفصیلی گفتگو کی۔ انہوں نے بروقت طبی معائنے، ضروری صحت کی خدمات کے حصول اور ماں یا بچے میں خطرے کی علامات ظاہر ہونے کی صورت میں فوری طور پر صحت کی سہولت سے رجوع کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ اسسٹنٹ کمشنر لورالائی، ندیم اکرم نے اپنے خطاب میں ضلعی انتظامیہ کے ترقیاتی اور عوامی فلاح کے اقدامات کی حمایت کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز پر زور دیا کہ وہ MNCH انٹروینشن کی کامیابی کے لیے مکمل تعاون کریں تاکہ ضلع کے صحت کے اشاریوں میں بہتری لائی جا سکے، بالخصوص ماں اور بچے کی صحت پر خصوصی توجہ دی جا سکے۔ ڈاکٹر شاہ زمان، ڈی ڈی ایچ او لورالائی نے ضلع کو درپیش صحت کے چیلنجز اور ماں و بچے کی صحت سے متعلق رویوں کی رکاوٹوں (Behavioral Barriers) پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ صحت کے بہتر نتائج کے لیے صرف طبی سہولیات کی فراہمی کافی نہیں بلکہ عوام میں صحت مند اور مثبت رویوں کو فروغ دینا بھی ضروری ہے۔ ڈاکٹر وزیر خان، این اسٹاپ نے ماں اور بچے کی صحت سمیت صحت کے دیگر مسائل سے نمٹنے کے لیے مربوط طریقہ کار (Integrated Approach) کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ مختلف شعبوں اور اسٹیک ہولڈرز کی مشترکہ کوششوں سے بیماریوں کے بوجھ اور صحت سے متعلق مسائل کو کم کیا جا سکتا ہے اور لورالائی میں صحت کے بہتر نتائج حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ ڈاکٹر ملک امان، سینئر میڈیکل آفیسر نے ماں، نوزائیدہ اور بچے کی صحت سے متعلق معاشرے میں پائے جانے والے مختلف روایتی تصورات، خرافات اور غلط عقائد (Beliefs Myths &) پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ بعض روایتی عقائد، غلط معلومات اور نقصان دہ روایات خواتین اور بچوں کو بروقت اور معیاری صحت کی خدمات حاصل کرنے میں رکاوٹ بن سکتی ہیں، اس لیے کمیونٹی کی سطح پر مؤثر آگاہی اور مثبت رویوں کا فروغ ضروری ہے۔ اس موقع پر نعمت جالازئی، سیاسی رہنما نے خطاب کرتے ہوئے صحت اور دیگر ترقیاتی امور کے لیے اپنے بھرپور تعاون اور حمایت کا یقین دلایا۔ انہوں نے کہا کہ عوامی فلاح اور صحت کے مسائل کے حل کے لیے سیاسی، سماجی اور کمیونٹی سطح پر مشترکہ کردار ادا کرنا ضروری ہے۔ ڈویژنل ڈائریکٹر اور ڈی ایچ او لورالائی، ڈاکٹر مقبول احمد کاکڑ نے اختتامی کلمات میں کہا کہ اس نوعیت کے انٹروینشنز ماں، نوزائیدہ اور بچے کی صحت کو بہتر بنانے اور صحت کے اہم اشاریوں میں بہتری لانے کے لیے انتہائی اہم ہیں۔ انہوں نے MNCH انٹروینشن کو مؤثر بنانے کے لیے تمام متعلقہ اداروں اور اسٹیک ہولڈرز کے درمیان باہمی تعاون اور مربوط کوششوں کی ضرورت پر زور دیا۔

بقیہ 10

ہے تھے کہ مرحوم عبدالباسط حسنی اسٹریٹ پر نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سواران سے موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے۔ متاثرہ شہری اور مقامی لوگوں نے انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ چوروں کے خلاف فوری اور سخت اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 11

ئی۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ بلوچستان حکومت خواتین کی ترقی اور انہیں بااختیار بنانے کو اپنی ترجیحات میں شامل کیے ہوئے ہے۔ خواتین کی معاشی خودمختاری کے بغیر پائیدار سماجی و اقتصادی ترقی کا تصور مکمل نہیں ہو سکتا، اسی لیے حکومت خواتین کو ہنر، روزگار اور کاروباری مواقع فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کی صحت، بالخصوص زچہ و بچہ کی صحت، بھی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے اور اس شعبے میں بنیادی صحت کی سہولیات تک خواتین کی رسائی بہتر بنانے کے لیے مربوط اقدامات ضروری ہیں۔ مشیر ترقی نسواں نے کہا کہ بلوچستان میں خواتین کو درپیش مسائل کے حل کے لیے حکومتی اداروں، عالمی ترقیاتی شراکت داروں اور سول سوسائٹی کے درمیان مؤثر تعاون وقت کی اہم ضرورت ہے۔ یو این ویمن کے ساتھ اشتراک کو مزید وسعت دے کر خواتین کی ترقی کے منصوبوں کو زیادہ مؤثر اور نتیجہ خیز بنایا جا سکتا ہے۔ یو این ویمن کے نمائندوں نے خواتین کی ترقی و بااختیاری کے لیے بلوچستان حکومت کی کوششوں کو سراہتے ہوئے مختلف شعبوں میں تعاون اور اشتراک کو مزید مضبوط بنانے میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ ملاقات میں خواتین کی معاشی خودمختاری، صنفی مساوات، خواتین کے تحفظ، صحت، تعلیم اور ہنرمندی کے فروغ سمیت باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 12

ری عزت و احترام کا باعث ہے انہوں نے خواتین سے اپیل کی کہ وہ اسلامی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے حجاب کو اپنی پہچان بنائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ حجاب صرف لباس نہیں بلکہ وقار، حیا اور عزت کی علامت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حجاب کے ذریعے معاشرے میں پاکیزگی اور اسلامی اقدار کو فروغ دیا جا سکتا ہے۔ پردہ حسن میں نکھار اور معاشرے میں عزت و احترام کا باعث بنتا ہے شریعت میں بھی حجاب کا حکم دیا گیا ہے ان پر عمل پیرا ہو کر زندگی گزارنی چاہیے جماعت اسلامی پاکستان کے مرکزی امیر حافظ نعیم الرحمن کی کال پر ملک بھر میں شٹرڈاؤن ہڑتال کی گئی اس کی کامیاب ہڑتال پر جماعت اسلامی ضلع صحبت پور کے قائدین کو مبارک باد پیش کرتے ہیں۔

بقیہ 13

9 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے اسلحہ ایمونیشن، منشیات چھینی گئی موٹرسائیکل، موبائل فون برآمد کرلئے جبکہ غیر قانونی طور پر رہائش پذیر 7 افغان باشندوں اور بغیر نمبر پلیٹ کے 20 موٹر سائیکلیں بند کردیں پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر تھانہ سٹی کے عملے نے کارروائی کرتے ہوئے ذیشان نامی شخص سے غیرقانونی پسٹل اور راؤنڈ برآمد کرکے گرفتار کرلیا صدر پولیس نے نصیر سے ایک پسٹل اور موٹر سائیکل برآمد کرکے قبضے میں لے لیں۔ اسی طرح پشتون آباد پولیس نے عبداللہ سے ایک کلو 10 گرام چرس اور عبدالظاہر سے غیر قانونی پسٹل برآمد کرکے قبضے میں لے لیا بروری پولیس نے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کرکے علی محمد کو جبکہ تھانہ امیر دستی کے عملے نے چھینا گیا موبائل اور ایک پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کرکے ملزم کو گرفتار کرلیا اسی طرح شالکوٹ پولیس نے کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی پر ملزم عبدالنبی، سعید احمد، سلال احمد کو جبکہ غیر قانونی رہائش پذیر 7 افغان باشندوں کو گرفتار کرکے ڈی سی آفس کے حوالے کردیا اس کے علاوہ 20 موٹر سائیکلوں پر نمبر پلیٹ نہ ہونے کی وجہ سے انہیں بند کردیا گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرکے کارروائی شروع کردی۔

بقیہ 14

واضح کیا کہ سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی اور شہریوں سے زائد قیمتیں وصول کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اسسٹنٹ کمشنر فہد حسین عمرانی نے کہا کہ عوام کو مقررہ نرخوں پر اشیائے ضروریہ کی فراہمی اور ناجائز منافع خوری کی روک تھام انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے متعلقہ اہلکاروں کو بھی ہدایت کی کہ بازاروں میں باقاعدگی سے نرخ ناموں کی پڑتال اور نگرانی کا عمل جاری رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی فرد یا کاروباری طبقے کو سرکاری احکامات اور قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انتظامیہ عوامی مفاد میں قانون کے مطابق اپنی ذمہ داریاں ادا کرے گی۔ عوامی حلقوں نے اسسٹنٹ کمشنر فہد حسین عمرانی کی جانب سے چارج سنبھالتے ہی سرکاری نرخ ناموں پر عملدرآمد کے لیے اقدامات کا خیر مقدم کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ گندم اور آٹے کے کاروبار سے وابستہ افراد کی بھی موثر نگرانی کی جائے گی اور ناپ تول میں کمی یا مقررہ نرخ سے زائد وصولی کی صورت میں قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 15

داود خان مری، ڈائریکٹر فنانس عبدالشکور سمیت دیگر انجینئرز اور متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے پہلے حصے میں ڈیپارٹمنٹل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی (DDWP) کا اجلاس منعقد ہوا، جو جی ڈی اے کے اپنے ترقیاتی منصوبوں کی منظوری کا مجاز فورم ہے۔ اجلاس میں مختلف ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیتے ہوئے متعدد منصوبوں کی منظوری دی گئی

بقیہ 16

محفوظ نہ عوام وڈاکٹرز و سیکورٹی اہلکاروں کے جان محفوظ ہے بلوچستان نوگو ایریا بن چکا ہے اور حکمران طبقات کے امن کے قیام کی دعوے کرتے تھکتے نہیں نااہل حکمرانوں کی تسلط سے بلوچستان سمیت ملک جل رہا ہے فارم 47 جعلی حکومت ملک کے سلگتے مسائل پر بے بس اور بے حس ہے جعلی حکومت ارباب اختیار اور قانون نافذ کرنے والے ادارے عوام کو امن دینے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکا ہے تمام بلوچستان نوگو ایریا بن چکے ہیں عوام کی عزتیں مال و جان سب کچھ داؤ پر لگ چکی ہے انہوں نے کہا کہ صوبے کے اربوں روپے امن و امان کے نام پر خرچ ہونے کے باوجود قتل و غارت گری دہشتگردی حکومت انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے انہوں نے کہا کہ حکومت عوام کی جان و مال اور عزت و آبرو کو قاتلوں کی رحم و کرم پر چھوڑ دیا آئے روز قتل وغارت، بدامنی، ڈکیتی اور دہشت گردی واقعات روز انہ درجنوں کے تعداد ہو رہے ہیں سے بلوچستان میں عام شاہراہوں پر کوئی سفر کر نہیں سکتا نہ مسافروں کو نہ ڈرائیوروں کی تحفظ ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان اب جنگلستان بن چکا ہے قانون کا نام و نشان نہیں۔ انسانیت کی قتل ہو رہی ہے انہوں نے کہا کہ قتل زمین میں فساد کا بڑا سبب ہے، اس سے معاشرے میں خوف وہراس اور تباہ ہو جاتی ہے قتل بدترین جرم ہے۔ ایک انسان کا ناحق قتل پوری انسانیت کا قتل ہے قوم آئے روز سیاسی اور قبائلی مشران اور علماء، انجینئر، تاجروں وکلاء، ڈاکٹرز کی جنازے اٹھا رہے ہیں۔ شہر کی وسط میں دن دیہاڑے قتل وغارت گری دہشتگردی حکومت انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے انہوں نے کہا کہ تمام ارباب اختیار اور قانون نافذ کرنے والے ادارے بدامنی کا مسئلہ ذمہ داری اور سنجیدگی سے نہیں لے رہا ہے قوم اپنے پیاروں کی جنازوں سے تھک کر ہار چکے ہیں کب تک قوم جنازے اٹھاتے رہینگی۔ انہوں نے کہا کہ بدامنی پر حکومت کی عدم سنجیدگی سے تاجر اور معزز شخصیات ملک چھوڑ کر سرمایہ باہر منتقل کر رہے ہیں۔ خدارا حکومت ارباب اختیار اور اقتدار سنجیدگی سے تمام سیاسی جماعتوں مذہبی جماعتوں کے ساتھ مل کر حالات کو بہتر بنانے کیلئے اقدامات کریں قوم عوام مسافروں کے تحفظ فوری طور پر اقدامات کیا جائے انہوں نے کہا کہ نیٹ فون سگنلز بندش سے عوام کاروباری حلقوں کو شدید پریشانی کا سامنا ہے کوئٹہ شہر گردونواح میں کرائمز جرائم میں تشویشناک اضافہ ہو رہا ہے وقت کا تقاضا ہے کہ ملک کے مقتدر قوتیں ارباب اختیار بلوچستان کے مسائل کے حل کیلئے سنجیدگی سے لیں عوام کیا احساس محرومی کا خاتمہ ضروری ہے بلوچستان نوگو ایریا بن چکا ہے بلوچستان کے عوام مایوسی کا شکار ہے ہر جانب افراتفری ہے انہوں نے کہا کہ حکومت عوام کے تحفظ نہیں کر سکتے تو بلوچستانی عوام خود اپنے تحفظ کی اجازت دے۔

بقیہ 17

اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن وہاب مجید، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر محمد حسن، ڈسٹرکٹ فٹبال ایسوسی ایشن کے صدر و میر فٹبال اکیڈمی کے سربراہ میر ارشد گچکی، یونیسف کے ڈسٹرکٹ پروگرام منیجر عادل نودیزی، ڈسٹرکٹ ٹریننگ منیجر ستار ناصر اور نذیر داود نے شرکت کی اجلاس میں اسپورٹس فیسٹیول کے افتتاحی پروگرام، مختلف کھیلوں کے مقابلوں، انتظامی امور، شرکاء کی ذمہ داریوں اور پروگرام کے شیڈول کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ 5 ستمبر 2026 کو گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری اسکول گوادر میں گرلز اسکولوں کے اسپورٹس ٹورنامنٹ کا افتتاح کیا جائے گا، جس میں طالبات کے لیے کرکٹ، فٹ بال اور رسہ کشی کے مقابلوں کا آغاز ہوگا اسی طرح 7 ستمبر 2026 کو بابا بزنجو فٹ بال اسٹیڈیم گوادر میں بوائز اسکولوں کے اسپورٹس ٹورنامنٹ کا باقاعدہ افتتاح ہوگا، جس کے پروگرام میں اسکول فٹ بال ٹورنامنٹ، اسپورٹس واک اور رسہ کشی شامل ہوں گے اجلاس میں کہا گیا ہے کہ فیسٹیول کے تمام پروگرامز کو منظم، شفاف اور نظم و ضبط کے ساتھ منعقد کیا جائے گا تاکہ سرکاری و نجی تعلیمی اداروں کے طلبہ و طالبات کو صحت مند سرگرمیوں، مثبت مسابقت اور اپنی کھیلوں کی صلاحیتوں کے اظہار کے یکساں مواقع فراہم کیے جا سکیں اجلاس میں اس بات پر بھی زور دیا کہ کھیلوں کی سرگرمیاں طلبہ و طالبات میں صحت مند طرز زندگی، ٹیم ورک، نظم و ضبط، برداشت اور مثبت مسابقت کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتی ہیں، جو حکومت کی تعلیم اور نوجوانوں کی فلاح و بہبود سے متعلق پالیسیوں کے عین مطابق ہے۔

بقیہ 18

مینگل، گزشتہ دو روز سے ایک دوسرے کے خلاف مورچہ زن ہیں اور ایک دوسرے پر وقفے وقفے سے فائرنگ کر رہے ہیں تاہم اطلاعات کے مطابق ابتک کوئی جانی و مالی نقصانات کی اطلاع نہیں۔ سنگین صورتحال کے باعث علاقے میں کشیدگی برقرار ہے۔ عوام نے ضلع انتظامیہ اور انتظامیہ وڈھ سے فوری نوٹس لینے اور کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی روک تھام کے لیے موثر اقدامات کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 19

اطلاع کا الاٹیز اور ان کی نمائندہ کمیٹی نے بغور جائزہ لیا ہے۔ نوٹس میں بقایا اقساط کی ادائیگی کے لیے مہلت دیتے ہوئے الاٹمنٹس منسوخ کرنے اور پلاٹس کو دوبارہ فروخت یا کسی دوسرے شخص کو الاٹ کرنے کا عندیہ دیا گیا ہے، جو الاٹیز کے لیے ناقابل قبول ہے۔ انہوں نے کہا کہ الاٹیز کا بنیادی موقف یہ ہے کہ اسکیم کی زمین سے متعلق تنازعات، ترقیاتی کاموں کی عدم تکمیل، مختلف مقامات پر رکاوٹوں اور انتظامی مسائل کے باوجود الاٹیز سے رقوم وصول کی گئیں، جبکہ اب بقایاجات کا بہانہ بنا کر ان کی الاٹمنٹس منسوخ کرنے کی بات کی جارہی ہے ندیم ترین نے کہا کہ الاٹیز نے باقاعدہ طریقے سے پلاٹس کی الاٹمنٹ حاصل کی، معاہدے کیے اور اپنی مالی استطاعت کے مطابق لاکھوں روپے اقساط، ترقیاتی چارجز اور دیگر مدات میں ادا کیے۔ ایسی صورت حال میں انتظامیہ کی جانب سے یکطرفہ طور پر الاٹمنٹ منسوخ کرنے کا اختیار استعمال کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں انہوں نے کہا کہ کاسی بحریہ ٹاؤن میں طویل عرصے سے ترقیاتی کام مکمل نہیں کیے گئے، پلاٹس کی باقاعدہ نشاندہی، پوزیشن، قبضہ، انتقالات اور دیگر ضروری معاملات بھی تاحال مکمل نہیں ہو سکے۔ جب انتظامیہ اپنی ذمہ داریوں اور وعدوں کو پورا نہیں کر رہی تو اس کا بوجھ الاٹیز پر ڈال کر انہیں نادہندہ قرار دینا قانونی اور اخلاقی طور پر قابل جواز نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر اسکیم میں زمین، منظوری، قانونی معاملات یا ترقیاتی کام کسی تنازع یا رکاوٹ کا شکار ہیں تو اس کے ذمہ دار الاٹیز نہیں ہیں۔ الاٹیز نے انتظامیہ کے ساتھ ہونے والے معاہدوں اور یقین دہانیوں کی بنیاد پر سرمایہ کاری کی، اس امید کے ساتھ کہ انہیں ایک قانونی، قابل عمل اور مکمل رہائشی اسکیم میں ان کے پلاٹس فراہم کیے جائیں گے۔ لہذا اسکیم کے اندرونی، انتظامی یا قانونی مسائل کا بوجھ الاٹیز پر ڈال کر ان کی الاٹمنٹ منسوخ کرنا ناقابل قبول ہے۔ ندیم ترین نے مطالبہ کیا کہ انتظامیہ الاٹیز سے پہلے سے وصول کی گئی تمام رقوم کا مکمل اور تحریری حساب فراہم کرے۔ بالخصوص ترقیاتی چارجز کی مد میں وصول کی گئی رقم اور اس کے عوض کیے جانے والے ترقیاتی کاموں کی تفصیلات واضح کی جائیں۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ ترقیاتی چارجز وصول کرنے کے باوجود اگر ترقیاتی کام مکمل نہیں ہوئے تو اس کی ذمہ داری کس پر عائد ہوتی ہے انہوں نے کہا کہ الاٹمنٹس منسوخ کرکے پلاٹس کو دوبارہ فروخت کرنے یا کسی تیسرے شخص کو منتقل کرنے کی دھمکی ناقابل قبول ہے۔ اگر قانونی اور معاہداتی تقاضے پورے کیے بغیر کسی الاٹی کی الاٹمنٹ منسوخ کی گئی یا اس کا پلاٹ کسی دوسرے شخص کو منتقل یا فروخت کیا گیا تو متعلقہ انتظامیہ اور مالکان اس کے تمام قانونی نتائج کے ذمہ دار ہوں گے۔ انہوں نے واضح کیا کہ تمام الاٹیز اپنے قانونی، معاہداتی اور مالی حقوق محفوظ رکھتے ہیں اور کسی بھی ایسے یکطرفہ اقدام کو تسلیم نہیں کریں گے جس کے ذریعے ان کی جمع شدہ رقوم، الاٹمنٹ یا پلاٹ کے حق کو ختم کرنے کی کوشش کی جائے۔ الاٹیز ایکشن کمیٹی نے انتظامیہ سے فوری طور پر درج ذیل مطالبات کیے ہیں۔ جن الاٹیز نے مکمل رقم یا کم از کم 60 فیصد ادائیگی کر دی ہے، انہیں فوری طور پر انتقالات اور متعلقہ دستاویزات فراہم کی جائیں۔ کسی بھی الاٹی کی الاٹمنٹ یکطرفہ طور پر منسوخ نہ کی جائے۔ تمام الاٹیز کو ان کے پلاٹس کی مکمل، واضح اور عملی طور پر فزیکل نشاندہی اور پوزیشن دی جائے۔ ترقیاتی کاموں کا باقاعدہ اور قابل تصدیق آغاز کیا جائے اور ان کی تکمیل کے لیے واضح ٹائم فریم جاری کیا جائے۔ الاٹیز سے وصول کی گئی تمام رقوم اور ترقیاتی چارجز کا مکمل اور شفاف حساب فراہم کیا جائے۔ ندیم ترین نے کہا کہ ہمیں امید ہے کہ کاسی بحریہ ٹاؤن کی انتظامیہ معاملے کو مزید پیچیدہ بنانے کے بجائے الاٹیز کے جائز اور قانونی حقوق کا تحفظ کرے گی۔ مسئلے کا حل باہمی مذاکرات، شفاف حساب دہی اور عملی طور پر ترقیاتی کاموں کے آغاز کے ذریعے نکالا جائے تاکہ طویل عرصے سے پریشان الاٹیز کو ان کے جائز حقوق فراہم کیے جا سکیں۔

بقیہ 20

یہ احساس پیدا کرے کہ ہم جس صف میں بھی ہوں ہمیں ایک دوسرے کی گردنیں کاٹنے کے بجائے مل بیٹھ کر ایک دوسرے کو سمجھنے اور سمجھانے کی توفیق دے

بقیہ 21

جہان وزارت مذہبی امور کے مطابق پرائیویٹ حج سکیم کے تحت 16 بنیادی حج پیکجز فائنل کرلیے گئے ہیں۔ رواں برس ان پیکجز کی قیمت 14 لاکھ سے ساڑھے 37 لاکھ روپے کے درمیان رکھی گئی ہے۔ پرائیویٹ سکیم میں مختصر دورانیے والے پیکجز، بیرون ملک سے براہ راست پروازوں اور فائیو اسٹار حج پیکجز کے انتخاب کی سہولت بھی موجود ہے۔ ترجمان نے عازمین حج کو ہدایت کی کہ وہ پیکج کا انتخاب اور ادائیگی صرف حج پورٹل یا پاک حج ایپ کے ذریعے ہی کریں۔ کسی فرد یا کمپنی کو براہ راست رقم ادا کرنے کی صورت میں وزارت کسی بھی نقصان کی ذمہ دار نہیں ہوگی۔ ان کے مطابق رواں برس پرائیویٹ حج سکیم کے لیے 71 ہزار 684 نشستیں مختص کی گئی ہیں۔ وزارت نے پیکج کے انتخاب اور ادائیگی کی آخری تاریخ 20 نومبر مقرر کر دی ہے۔ مقررہ تاریخ تک کوٹہ مکمل نہ ہونے کی صورت میں وزارت کو ازسرنو کوٹہ مختص کرنے کا اختیار حاصل ہے۔۔۔۔

بقیہ 22

ضا خٹک خان تفصیلات کے مطابق جنرل منیجر اٹک سیمنٹ فیکٹری حب کرنل (ر) رضا خٹک خان کے مطابق اٹک سیمنٹ فیکٹری حب کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ علاقے کے غریب اور ضرورت مند خاندانوں کو حتی الامکان مدد اور تعاون فراہم کیا جائے تاکہ وہ بہتر اور باعزت زندگی گزار سکیں اور اپنے خاندانوں کا سہارا بن سکیں۔ اسی سوچ کے تحت اٹک سیمنٹ فیکٹری نے مقامی خواتین، خصوصاً ان خاندانوں سے تعلق رکھنے والی خواتین جن کے پاس روزگار کا کوئی مستقل ذریعہ نہیں، کو ہنر سکھانے اور باعزت روزگار فراہم کرنے کے لیے ایک خصوصی سلائی و کڑھائی مرکز قائم کیا ہے۔ اس منصوبے کے تحت علاقے کے مختلف دیہات سے تعلق رکھنے والی 20 مستحق خواتین کو شارٹ لسٹ کیا گیا ہے، جنہیں چار ماہ کی خصوصی تربیت فراہم کی جا رہی ہے۔ ان خواتین کی تربیت کے لیے دو مقامی خواتین ٹرینرز بھی مقرر کی گئی ہیں، جنہیں باقاعدہ تنخواہ دی جا رہا ہے اور 20 خواتین جو ٹریننگ حاصل کر رہی ہیں انکو بھی تنخواہ دی جارہی ہے، تاکہ اس منصوبے کے ذریعے مقامی سطح پر مزید روزگار کے مواقع بھی پیدا ہوں۔ تربیتی مرکز میں 20 سلائی مشینیں فراہم کی گئی ہیں، جن پر خواتین کو عملی تربیت دی جا رہی ہے۔ انہیں سلائی، کڑھائی اور دیگر متعلقہ ہنر سکھانے کے ساتھ ساتھ مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق کپڑے اور دیگر مصنوعات تیار کرنے کی تربیت بھی دی جائے گی۔ اس مقصد کے لیے مارکیٹ سے ضروری خام مال اور کپڑا فراہم کیا جائے گا، جبکہ تیار ہونے والی مصنوعات کو مارکیٹ میں فروخت کیا جائے گا۔ حاصل ہونے والی آمدنی بھی ان خواتین میں تقسیم کی جائے گی تاکہ تربیت کے دوران ہی وہ اپنے ہنر سے باعزت آمدنی حاصل کرنا شروع کر سکیں۔ اٹک سیمنٹ فیکٹری کی جانب سے ان خواتین کو پک اینڈ ڈراپ کی سہولت، ریفریشمنٹ اور دیگر ضروری سہولیات بھی فراہم کی جارہی ہیں، تاکہ انہیں تربیت حاصل کرنے میں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ تربیت مکمل ہونے پر تمام شرکا کو اٹک سیمنٹ فیکٹری کی جانب سے سرٹیفکیٹس بھی دیے جائیں گے۔ مزید برآں، ہر خاتون کو وہ سلائی مشین بھی بطور تحفہ فراہم کی جائے گی جس پر اس نے تربیت حاصل کی ہوگی، تاکہ وہ اپنے گھر سے ہی سلائی و کڑھائی کا کام جاری رکھ سکیں اور مستقل طور پر اپنی اور اپنے خاندان کی مالی معاونت کر سکیں۔ یہ منصوبہ صرف خواتین کو سلائی سکھانے تک محدود نہیں بلکہ اس کا اصل مقصد انہیں ہنر، خود اعتمادی اور باعزت روزگار فراہم کرنا ہے، تاکہ وہ کسی پر بوجھ بننے کے بجائے اپنے خاندان کی کفالت میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ اٹک سیمنٹ فیکٹری کا یہ اقدام اس عزم کا عملی اظہار ہے کہ ترقی صرف صنعت کی نہیں بلکہ اس علاقے اور اس کے لوگوں کی بھی ہونی چاہیے۔ فیکٹری مقامی آبادی کی فلاح، خصوصاً خواتین کو بااختیار بنانے اور انہیں اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کے لیے مستقبل میں بھی ایسے مثبت اور پائیدار اقدامات جاری رکھنے کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ 23

میں سامان بھی تقسیم کیا اس موقع پر انہوں نے اساتذہ کرام کو خصوصی ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ حکومت کی ہمیشہ کوشش رہی ہے کہ سکولوں میں زیر تعلیم بچوں کو بنیادی ضروری سہولیات میسر ہوں سکولوں کو ملنے والا سامان آپ کے پاس امانت ہے اس موقع پر انہوں نے کہا کہ کلسٹر کے انچارج ہیڈ ماسٹر بوائز ہائی سکول ماچھی پور محمد زمان کھوکھر تعلیم کے فروغ کے لیے کوشاں ہیں انکی کوشش سے سکول میں تعلیمی ماحول بہت بہتر انداز میں جاری ہے کلسٹر کا سامان معیاری ہے تمام بچوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اساتذہ کرام کا احترام کریں استاد کا احترام کرنے والے بچے ہمیشہ کامیابی حاصل کرتے ہیں اساتذہ کرام سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بچوں کی بہتر نگہداشت کریں معصوم بچے گیلی مٹی کی طرح ہوتا ہے استاد محترم جس سانچے میں ڈھالنا چاہے ڈھل جاتا ہے استاد کا فرض بنتا ہے کہ سکول میں زیر تعلیم بچوں پر کڑی نظر رکھے اور انکی تعلیم تربیت پر خصوصی توجہ دیں اس موقع پر اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن ماچھی پور نظیر حسین شاہوانی بھی موجود تھے۔

بقیہ 24

نے شرکت کی اس موقع پر متعلقہ حکام کی جانب سے مختلف منصوبوں پر جاری پیش رفت درپیش چیلنجز اور آئندہ کے لائحہ عمل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سیکریٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے کہا کہ بلوچستان کی معیشت میں زراعت اور لائیو اسٹاک کے شعبوں کو بنیادی اہمیت حاصل ہے لہذا ان شعبوں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے مارکیٹ انفراسٹرکچر کی ترقی ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کا مقصد کسانوں تاجروں اور کاروباری طبقے کو جدید اور بہتر سہولیات فراہم کرنا ہے تاکہ زرعی پیداوار اور مویشیوں کی تجارت کو مزید فروغ دیا جا سکے سیکرٹری مواصلات و تعمیرات نے کہا کہ جاری منصوبوں کے تحت پھل و سبزی منڈیوں میں صفائی ستھرائی نکاسی آب کے موثر نظام کولڈ اسٹوریج پارکنگ ایریاز اور ٹرانسپورٹ کی جدید سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں جس سے نہ صرف زرعی اجناس کے معیار کو برقرار رکھنے میں مدد ملے گی بلکہ کسانوں اور تاجروں کو بھی بہتر کاروباری ماحول میسر آئے گا سیکرٹری مواصلات و تعمیرات نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تمام منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے کے لیے مزید تیزی سے کام کیا جائے اور چیف انجینئر زخود بھی ہفتہ وار ان منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا کریں انہوں نے واضح کیا کہ جہاں کہیں بھی تکنیکی یا انتظامی مسائل درپیش ہیں انہیں فوری طور پر حل کیا جائے تاکہ ترقیاتی منصوبوں میں تاخیر نہ ہو سیکرٹری مواصلات و تعمیرات نے منصوبوں کی پیش رفت اور معیار کا مؤثر جائزہ لینے کے لیے ایک خصوصی ٹیکنیکل ٹیم تشکیل دینے کی بھی ہدایت کی انہوں نے کہا کہ یہ ٹیم صوبے بھر میں جاری منصوبوں کا معائنہ کرکے ان کی موجودہ صورتحال معیار اور پیش رفت کے حوالے سے جامع رپورٹ تیار کرے گی جو سیکرٹری آفس میں پیش کی جائے گی سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی ہدایات کے مطابق تمام ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ وقت میں مکمل کرنے اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے

بقیہ 25

ئی کے ہم زلف تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ سنزل روڈ اخوند بابا قبرستان میں آج رات ادا اور تدفین کی جائے گی جبکہ مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی مسجد طیبہ وحدت کالونی سیکنڈ اسٹاف بروری روڈ کوئٹہ میں ہوگی۔

بقیہ 26

ئع کیے گئے ہیں، جس میں بتایا گیا ہے کہ موسم بہار کی کوہ پیمائی کے سیزن کے دوران ہزاروں کوہ پیما، گائیڈز اور معاون عملہ بیس کیمپ میں جمع ہوتے ہیں۔ بیس کیمپ میں اس عرصے کے دوران ایسپریسو کیفے، بڑی اسکرین والے ٹی وی، تیز رفتار انٹرنیٹ، گرم شاورز اور خیموں کے فرش کو گرم رکھنے جیسی سہولیات بھی دستیاب ہوتی ہیں۔ تحقیق کے مطابق 2023 کے موسم بہار کے 50 روزہ سیزن کے دوران بیس کیمپ میں تقریباً 1600 خیموں کو چلانے کے لیے 824 کین مائع پٹرولیم گیس (ایل پی جی)، 18 ہزار 935 لیٹر مٹی کا تیل اور 5 ہزار 130 لیٹر پیٹرول استعمال کیا گیا۔ یہ ایندھن کھانا پکانے، حرارت حاصل کرنے اور بجلی کی ضروریات پوری کرنے کے لیے استعمال ہوا۔ محققین کے مطابق ایندھن سے پیدا ہونے والی حرارت اور انسانی پیشاب سے پیدا ہونے والی حرارت کو ملا کر مجموعی توانائی کا اخراج 8 لاکھ 49 ہزار 174 میگا جول تک پہنچ گیا۔ تحقیق میں اندازہ لگایا گیا کہ اتنی توانائی تقریباً 2 ہزار 492 ٹن برف اور برفانی تودے کو پگھلانے کے لیے کافی ہے۔ محققین نے اس تخمینے میں ممکنہ کمی بیشی بھی بتائی ہے، جس کے مطابق پگھلنے والی برف کی مقدار 1 ہزار 964 سے 3 ہزار 20 ٹن کے درمیان ہوسکتی ہے۔ تحقیق کے مطابق اتنی مقدار میں پگھلنے والا پانی ایک اولمپک سائز کے سوئمنگ پول کو بھرنے کے لیے کافی ہوگا، جبکہ اسے تقریباً 83 ٹینکروں یا 16 ہزار 700 عام باتھ ٹبز کے برابر بھی قرار دیا گیا ہے۔ تحقیق میں انسانی پیشاب کو بھی حرارت کے ایک نمایاں ذریعے کے طور پر سامنے لایا گیا ہے۔ بلندی پر پانی کی کمی سے بچنے کے لیے کوہ پیما اور گائیڈز زیادہ مقدار میں پانی پیتے ہیں، جس کے نتیجے میں بیس کیمپ میں روزانہ تقریباً 6 ہزار لیٹر پیشاب پیدا ہوتا ہے۔ تحقیق کے مطابق ٹھوس انسانی فضلہ جمع کرکے پہاڑ سے نیچے منتقل کیا جاتا ہے، تاہم پیشاب کی بڑی مقدار براہ راست گلیشیئر پر خارج کردی جاتی ہے۔ محققین نے اندازہ لگایا کہ صرف انسانی پیشاب سے پیدا ہونے والی حرارت ایک سیزن کے دوران تقریباً 154 ٹن برف پگھلا سکتی ہے۔ تحقیق میں بیس کیمپ کے گرد بڑھتی ہوئی گرمی کے رجحان کا بھی جائزہ لیا گیا۔ محققین نے 1991 سے 2023 تک لینڈ سیٹ سیٹلائٹ تصاویر کا تجزیہ کیا۔ نتائج کے مطابق بیس کیمپ میں سطح کا درجہ حرارت اوسطاً 0.28 ڈگری سینٹی گریڈ سالانہ بڑھا، جو اردگرد موجود کھمبو گلیشیئر میں ریکارڈ کیے گئے اضافے کی شرح سے تقریباً دوگنا ہے۔ تحقیق میں شامل نیپال کے محکمہ لینڈ مینجمنٹ کے سینئر سرویئر کم لال گوتم اور دیگر ماہرین کا کہنا ہے کہ انسانی سرگرمیوں کے حقیقی اثرات اس حساب سے بھی زیادہ ہوسکتے ہیں، کیونکہ تحقیق میں ہیلی کاپٹر پروازوں سے پیدا ہونے والی حرارت، کوہ پیماؤں کے جسموں سے خارج ہونے والی حرارت اور سامان منتقل کرنے والے یاکس کی حرارت کو شامل نہیں کیا گیا۔ محققین نے واضح کیا کہ ایورسٹ کے گلیشیئر کے پگھلنے کی بنیادی وجہ بدستور موسمیاتی تبدیلی ہے، تاہم ان کا کہنا ہے کہ تیزی سے پگھلتے ہوئے گلیشیئر پر ہر سال ہزاروں افراد کا اجتماع طویل مدت میں پائیدار نہیں۔ تحقیق میں تجویز دی گئی ہے کہ طویل مدت میں ایورسٹ بیس کیمپ کو گلیشیئر سے ہٹا کر قریبی کسی مستحکم علاقے میں منتقل کرنے پر غور کیا جانا چاہیے۔

بقیہ 27

تردید کی ہے، حاجی بہار خان پیر داوانی نے ڈی ایچ او کوہلو ڈاکٹر شیر زمان مری کے سامنے موقف دیتے ہوئے کہا کہ وہ گزشتہ روز تقریباً 5 بجے ٹائم لیڈی ڈاکٹر مسرت نور کے کلینک پہنچے اس وقت مریضہ پہلے ہی انتہائی تشویشناک حالت میں تھی یعنی ایکسپائر تھی ان کے مطابق مریضہ کی ڈیلیوری گھر پر ہوئی ہے اور مریضہ کو شدید خون بہنے کے باعث مسرت نور کے کلینک لایا گیا تھا، لواحقین کے مطابق لیڈی ڈاکٹر مسرت نور نے مریضہ کی انتہائی خراب حالت دیکھتے ہوئے بتایا کہ کلینک میں اس نوعیت کی ایمرجنسی کے لئے مناسب سہولیات موجود نہیں ہے

بقیہ 28

ویئر انجینئرنگ کے جدید طور طریقوں سے ہم آہنگ کرانا تھا۔ اس دوران طلبہ کو اسلام آباد کے معروف ٹیک پارکس، اسٹارٹ اپ انکیوبیٹرز اور سافٹ ویئر ڈویلپمنٹ ہبز کا وزٹ کرایا گیا، تاکہ وہ ملک کی تیزی سے ترقی کرتی ٹیکنالوجی صنعت کے حقیقی ماحول کا براہ راست مشاہدہ کر سکیں۔ اس موقع پر طلبہ نے اہم ٹیکنالوجی اداروں میں کام کرنے والے ماہرین، پلیٹ فارم انجینئرز اور ٹیلنٹ مینیجرز کے ساتھ بھی تبادلہ خیال کیا۔ اس کے علاوہ انہوں نے سافٹ ویئر ٹیکنالوجی پارکس کے جدید انفراسٹرکچر، ہوسٹنگ صلاحیتوں، مجموعی ایکو سسٹم اور نیشنل انکیوبیشن سنٹر کا قریب سے مشاہدہ کیا۔ ترجمان تربت یونیورسٹی کے مطابق وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن نے اپنے پیغام میں پاکستان سافٹ ویئر ایکسپورٹ بورڈ کے محمد اکبر اور خٹک سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، سافٹ ویئر ٹیکنالوجی پارک، نیشنل انکیوبیشن سینٹر اور فضل سافٹ ویئر ٹیکنالوجی پارک کی انتظامیہ کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا، جنہوں نے دورے کے دوران طلبہ کو ہر ممکن سہولت فراہم کی۔ وائس چانسلر نے اس موقع پر کہا کہ تیزی سے بدلتے ہوئے تکنیکی دور میں جامعہ تربت اپنے طلبہ کو جدید ترین ٹیکنالوجی سے آراستہ کرنے اور انہیں مقابلہ کرنے کے قابل بنانے کے لیے ہر ممکن قدم اٹھانے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے تعلیمی اقدامات کا مقصد جامعہ تربت کے طلبہ کے لیے روشن مستقبل کی راہ ہموار کرنا ہے۔

بقیہ 29

حاصل کیں انہوں نے مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا بھی جائزہ لیا اور ہسپتال میں ادویات و ضروری طبی سامان کی دستیابی کے حوالے سے متعلقہ حکام سے بریفنگ لی۔ اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ نے ہسپتال کے عملے کو ہدایت کی کہ مریضوں کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی، صفائی ستھرائی کے بہتر انتظام اور ادویات کی دستیابی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے جبکہ طبی آلات کو فعال حالت میں رکھنے اور ہسپتال کے مجموعی نظام میں مزید بہتری لانے کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو بنیادی صحت کی سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے اور سرکاری مراکز صحت میں آنے والے مریضوں کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہیں ہونا چاہیے۔ اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ ابوبکر میروانی نے کہا کہ عوامی خدمت اور بنیادی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ اپنے فرائض ایمانداری، ذمہ داری اور پیشہ ورانہ جذبے کے ساتھ انجام دیتے ہوئے عوام کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائیں۔ دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ نے ہسپتال کے انتظامی و طبی امور میں بہتری کے لیے متعلقہ عملے کو ضروری ہدایات جاری کرتے ہوئے واضح کیا کہ صحت کے شعبے میں دستیاب وسائل کو موثر انداز میں بروئے کار لاتے ہوئے عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جائے۔ اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ ابوبکر میروانی کا یہ دورہ علاقے میں صحت عامہ کی سہولیات کی مسلسل نگرانی سرکاری اداروں کی کارکردگی میں بہتری اور عوام کو درپیش مسائل کے فوری ازالے کے لیے ضلعی انتظامیہ کی سنجیدہ کاوشوں کا عکاس ہے۔

بقیہ 30

اور ہنگامی حالات میں فوری طبی رسپانس کی پالیسی کے تحت جاری اس عوامی خدمت کے منصوبے کے ذریعے جنوری 2022 سے اگست 2026 تک مجموعی طور پر 4 ہزار 154 افراد کو طبی، امدادی اور ریسکیو خدمات فراہم کی گئیں، جبکہ صرف اگست 2026 کے دوران 100 کیسز میں ایمبولینس سہولت فراہم کی گئی تفصیلات کے مطابق اگست کے دوران گوادر ایمبولینس سروس نے 67 ایمرجنسی مریضوں، 15 زچگی کے کیسز، 6 حادثات اور 12 میتوں کی منتقلی کے لیے خدمات فراہم کیں۔ ان میں 84 مریض گوادر شہر، 14 مریض شہر سے باہر کے علاقوں جبکہ 2 مریض تربت شہر سے متعلق تھے رپورٹ کے مطابق جنوری 2022 سے 31 اگست 2026 تک گوادر ایمبولینس سروس نے مجموعی طور پر 2 ہزار 585 ایمرجنسی مریضوں، 523 زچگی کے کیسز، 418 حادثات اور 584 میتوں کی منتقلی سمیت 4 ہزار 110 کیسز میں خدمات انجام دیں، جبکہ گوادر میں سیلاب کے دوران 44 افراد کے ریسکیو میں بھی ایمبولینس سروس نے اہم کردار ادا کیا، جس سے مجموعی مستفید افراد کی تعداد 4 ہزار 154 ہو گئی اسی عرصے کے دوران گوادر مردہ خانہ کی جانب سے 34 میتوں کی تدفین سے قبل ضروری خدمات فراہم کی گئیں، جن میں 33 مرد اور ایک خاتون شامل ہیں، جبکہ جنوری 2023 سے اگست 2026 تک 24 میتوں کی غسل اور کفن پوشی کی خدمات بھی انجام دی گئیں گوادر ایمبولینس سروس کی یہ کارکردگی شہریوں کو بروقت طبی امداد، ہنگامی حالات میں فوری رسپانس اور بلا امتیاز انسانی خدمت کی فراہمی کے عزم کی عکاس ہے، جبکہ عوام، مخیر حضرات، ضلعی انتظامیہ اور گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے تعاون سے اس عوامی خدمت کے دائرہ کار کو مزید موثر اور وسیع بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں

بقیہ 31

حکومت کو نرسری فارم کے قیام اور استعمال کے لیے فراہم کی تھی، جس کے لیے حکومت اور اہم اراضی مالکان کے درمیان باقاعدہ تحریری معاہدہ بھی طے پایا تھا۔ پریس کانفرنس کے دوران نبی بخش پوادی و دیگر نے بتایا کہ مذکورہ معاہدے کے تحت حکومت کی جانب سے نرسری فارم میں پیدا ہونے والی درجہ چہارم کی آسامیوں پر اراضی فراہم کرنے والے خاندان کے افراد کو ملازمتیں فراہم کی جائینگی۔ ان کا کہنا تھا کہ انہوں نے اس وقت حکومتی یقین دہانی اور معاہدے کی شرائط پر اعتماد کرتے ہوئے اپنی قیمتی اراضی نرسری فارم کے لیے فراہم کی، تاہم اب معاہدے کی تمام شرائط پر عملدرآمد نہیں کیا گیا۔ نبی بخش پوادی نے کہا کہ انہوں نے اپنی پوری ملازمت کے دوران حکومت اور متعلقہ اداروں کے ساتھ تعاون کیا اور اب عمر کی بالائی حد پوری ہونے کے بعد ریٹائر ہو چکے ہیں۔ ان کے مطابق معاہدے کے تحت ریٹائرمنٹ کے بعد ان کے بیٹے کو نرسری فارم میں درجہ چہارم کی ملازمت ملنی چاہیے تھی، مگر اس کے باوجود ان کے خاندان کو اپنا جائز حق نہیں دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ان کے خاندان نے اپنی قیمتی اراضی حکومت کو کسی ذاتی مفاد یا تجارتی مقصد کے لیے نہیں بلکہ باقاعدہ معاہدے اور طے شدہ شرائط کے تحت نرسری فارم کے لیے فراہم کی تھی۔ اگر حکومت اور محکمہ جنگلات نے اس اراضی سے فائدہ اٹھایا ہے تو اخلاقی، قانونی اور معاہداتی طور پر حکومت پر بھی لازم ہے کہ وہ طے شدہ شرائط کی پاسداری کرے۔ پریس کانفرنس کے شرکاء نے کہا کہ وہ آج بھی حکومت کے ساتھ کیے گئے معاہدے کا احترام کرتے ہیں اور اپنی جانب سے معاہدے کی تمام شرائط کی پابندی کر رہے ہیں، تاہم حکومت اور بالخصوص محکمہ جنگلات سے بھی مطالبہ ہے کہ وہ تحریری معاہدے کو سامنے رکھتے ہوئے اراضی فراہم کرنے والے خاندان کے جائز مطالبے کو تسلیم کرے اور درجہ چہارم کی ملازمتوں کے حوالے سے کیے گئے وعدے کو عملی جامہ پہنائے۔ نبی بخش پوادی اور دیگر نے وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف سیکریٹری بلوچستان، سیکریٹری جنگلات اور دیگر اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے 1986 کے معاہدے اور متعلقہ ریکارڈ کا جائزہ لیا جائے اور معاہدے کی شرائط کے مطابق ان کے خاندان کو درجہ چہارم کی ملازمتیں فراہم کی جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر حکومت بالخصوص محکمہ جنگلات نے معاہدے کی پاسداری کرتے ہوئے انہیں ان کا جائز حق دیا تو وہ حکومتی اداروں کے ساتھ مکمل تعاون جاری رکھیں گے، تاہم اگر معاہدے پر عملدرآمد نہ کیا گیا اور ان کے خاندان کو مسلسل نظرانداز کیا گیا تو وہ اپنی اراضی نرسری فارم کے استعمال میں دینے کے پابند نہیں ہیں اور وہ اس معاملے پر قانونی اور آئینی راستہ اختیار کرنے سمیت دیگر اقدامات پر غور کرنے پر مجبور ہوں گے۔

بقیہ 32

۔ میر مظفر خان جمالی نے کہا کہ طلبہ کو بہتر تعلیمی ماحول اور ضروری سہولیات کی فراہمی سے ان کی تعلیمی سرگرمیوں میں مزید بہتری آئے گی اور نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ جدید دور کے لحاظ سے اپنی توجہ تعلیم پر رکھیں کیونکہ تعلیم ہی جہالت کے اندھیروں سے نکال سکتی ہے اس موقع پر سکول کے اساتذہ کرام بھی موجود تھے

بقیہ 33

ن نسل کو مضر صحت اشیاء کے نقصانات سے محفوظ رکھنا حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ خلاف ورزی کرنے والے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی، جبکہ اس سلسلے میں نگرانی اور کارروائی کا عمل مزید موثر بنایا جائے گا۔

بقیہ 34

ڈپٹی کمشنر کمپلیکس حب کا دورہ اور معائنہ کیا متعلقہ ایگزیکیوٹنگ ڈیپارٹمنٹس کے افسران سے منصوبوں کی پیش رفت، معیار تعمیر، تکمیل کی مدت اور درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ حاصل کی۔ کمشنر لسبیلہ ڈویژن کو متعلقہ افسران کی جانب سے جاری و مکمل شدہ ترقیاتی منصوبوں، مختص فنڈز، کام کی پیش رفت اور مختلف شعبوں سے متعلق امور پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بعد ازاں کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے حاجی محمد گوٹھ ساکران واقع اسکولوں کا معائنہ کیا۔ انہوں نے تعلیمی اداروں میں تدریسی و غیر تدریسی عملے کی حاضری، طلباء و طالبات کی تعداد، عمارتوں کی حالت، پینے کے پانی، بجلی، صفائی ستھرائی اور دیگر بنیادی سہولیات کا جائزہ لیا۔ کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی منصوبوں میں معیار، شفافیت اور مقررہ مدت میں تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی فنڈز سے جاری منصوبوں میں کسی قسم کی غفلت یا غیر ضروری تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔

بلوچستان بار کونسل گزشتہ عرصے سے بلوچستان ہائی کورٹ سمیت تمام ڈسٹرکٹ کورٹس میں جاری بھرتیوں کے عمل کو قریب سے مانیٹر کر رہی ہے

بلوچستان بار کونسل کا بھرتیوں میں مبینہ بے ضابطگیوں پر پیر کو صوبہ بھر میں عدالتی ہڑتال کا اعلان

جز کو بھرتیوں کے نتائج روکنے اور امیدواروں کے ٹیسٹ پیپرز، فہرستیں اور دیگر ریکارڈ ہائی کورٹ انتظامیہ کو پیشگی جانچ کیلئے ارسال کرنے کی ہدایات

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان بار کونسل کا بھرتیوں میں مبینہ بے ضابطگیوں اور رجسٹرار ہائی کورٹ کے وائس میسجز پر شدید احتجاج، پیر کو صوبہ بھر میں عدالتی ہڑتال کا اعلان بلوچستان بار کونسل نے ہائی کورٹ بلوچستان کے رجسٹرار کی جانب سے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز اور متعلقہ افسران کو بھرتیوں کے حوالے سے جاری مبینہ وائس میسجز کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے عدالتی انتظامیہ میں غیر ضروری مداخلت اور شفاف بھرتی کے عمل (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

نصیر آباد میں بجلی کے بقایاجات، لوڈشیڈنگ اور فراہمی کے مسائل پر اجلاس

بجلی کی غیر ضروری لوڈشیڈنگ کم اور فراہمی کا نظام بہتر بنایا جائے، ڈپٹی کمشنر نصیر آباد

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کی زیر صدارت واپڈا کے افسران کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ایکسین واپڈا اور پیام منجھو ایس ڈی او واپڈا سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی اجلاس کے دوران واپڈا حکام نے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کو ضلع میں بجلی کے بقایاجات ریکوری کی صورتحال لوڈشیڈنگ کے دورانیے بجلی کی فراہمی میں درپیش مشکلات اور دیگر متعلقہ امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اس موقع پر مختلف علاقوں میں بجلی کی فراہمی سے متعلق عوامی شکایات اور مسائل کا بھی جائزہ لیا گیا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

نوشکی میں مسلح افراد نے ایک شخص سے گن پوائنٹ پر موٹر سائیکل چھین کر فرار ہوگئے

نوشکی (آن لائن) نوشکی میں مسلح افراد نے ایک شخص سے گن پوائنٹ پر موٹر سائیکل چھین کر فرار ہوگئے۔ نوشکی بی این پی کے رہنما میر جمیل احمد مینگل سے کلی غریب آباد میں مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر موٹر سائیکل چھین کر موقع سے فرار ہوگئے۔

کوئٹہ میں انتظامیہ کی ناک کے نیچے قتل وغارت گری کا بازار گرم ہے

دن دہاڑے شہریوں کو قتل کیا جا رہا ہے اور قاتل واردات کے بعد باآسانی فرار ہوجاتے ہیں، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

شام ڈھلتے ہی شہر کے چوک چوراہے اور اہم شاہراہیں ان سماجی برائیوں کی آماجگاہ بن جاتے ہیں، عین اللہ شمس

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس اور دیگر رہنماؤں نے امراء نظما کے نمائندہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوئٹہ میں انتظامیہ کی ناک کے نیچے قتل و غارت گری کا بازار گرم ہے، دن دہاڑے شہریوں کو قتل کیا جا رہا ہے اور قاتل واردات کے بعد باآسانی فرار ہوجاتے ہیں، جبکہ انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے ادارے (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

کوئٹہ، قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر قبائلی وسیاسی رہنما حاجی سرور خان بازئی سے ملاقات کر رہے ہیں

گوادر سے نوکنڈی تک 675 کلومیٹر ریلوے لنک کی فزیبلٹی، بندرگاہ کو قومی تجارتی نیٹ ورک سے جوڑنے کی کوششیں تیز

گوادر ریلوے یارڈ اور قومی ریلوے نیٹ ورک سے رابطے کے منصوبے پر اہم پیش رفت

فزیبلٹی اسٹڈی اور ٹرانزیکشن ایڈوائزری سروسز بھی طلب کی ہیں، جو گوادر کو بلوچستان کے معدنی خطے سے جوڑنے کے وسیع تر تصور کا حصہ ہے

گوادر (خ ن) پروجیکٹ ڈائریکٹر ریلوے یارڈ گوادر جہانزیب خان نے ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمٰن خان سے ملاقات کی، جس میں گوادر ریلوے یارڈ اور گوادر کو ملک کے قومی ریلوے نیٹ ورک سے منسلک کرنے کے مجوزہ منصوبوں سے متعلق مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران گوادر ریلوے یارڈ کے قیام، ریلوے انفراسٹرکچر کے لیے درکار سہولیات، زمین، روٹ سے (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

شاہد خان آفریدی کا گڈانی کا دورہ، فلاحی منصوبوں کے آغاز اور کرکٹ وفٹبال اسٹیڈیم بنانے کا اعلان

حب (آن لائن) پاکستان کرکٹ کے مایہ ناز کھلاڑی شاہد آفریدی حب کے ساحلی شہر گڈانی کا تاریخی دورہ کیا فلاحی منصوبوں کے آغاز کا اعلان، وڈیرہ جان شیر بلوچ کی جانب سے پرتکلف ظہرانہ دی جبکہ اس موقع پر گڈانی شپ بریکنگ یارڈ صنعتکاروں ملاقات کی۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

ضلعی انتظامیہ کا غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری

شہر کے مختلف علاقوں میں سڑکوں اور دیگر شہری انفراسٹرکچر کی مسلسل نگرانی کی جارہی ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے احکامات کے مطابق شہر میں سڑکوں کے تحفظ اور شہری انفراسٹرکچر کو منظم و پائیدار بنانے کے لیے غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ بشیر احمد بڑیچ کی ہدایات پر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے زون مانیٹرنگ سیلز کی جانب سے شہر کے مختلف علاقوں میں سڑکوں اور دیگر شہری انفراسٹرکچر کی مسلسل نگرانی کی جارہی ہے۔ اسی سلسلے میں رئیسانی روڈ پر ایک نجی کمپنی کی جانب سے سڑک کی غیر قانونی کھدائیوں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی۔

عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت یا تاخیر برداشت نہیں کی جائیگی، علی مدد جتک

عوام سے براہ راست رابطہ اور ان کے مسائل ان کی دہلیز پر سننا ہی حقیقی عوامی نمائندگی ہے، خطاب

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر و رہنما پیپلز پارٹی حاجی علی مدد جتک کی جانب سے ان کی رہائش گاہ پر کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں

اسلام آباد: وفاقی وزیر احسن اقبال منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

کمشنر لسبیلہ کا سرکاری محکموں کے جاری مختلف وترقیاتی منصوبوں سمیت زیر تعمیر ڈپٹی کمشنر کمپلیکس حب کا دورہ

حب (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطا نے ضلع حب میں سرکاری محکموں کے جاری مختلف و ترقیاتی منصوبوں سمیت زیر تعمیر (باقی

کسان اتحاد کی بلوچستان کے حالیہ کشیدہ حالات پر تشویش کا اظہار

حکومت حالات کی بہتری اور کسانوں کی خوشحالی کیلئے اقدامات اٹھائے

پاکستان میں سب سے مہنگا آٹا کوئٹہ اور بلوچستان میں لوگوں کو مل رہا ہے

کوئٹہ (آن لائن) کسان اتحاد کے چیئرمین خالد حسین باٹھ نے بلوچستان کے حالیہ کشیدہ حالات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان واقعات میں بزنس مین، سول سوسائٹی، ایف سی پولیس، لیویز اور دیگر سرکاری اداروں کے لوگ شہید ہوگئے ہیں سیکورٹی صورتحال کی وجہ سے کسان بری طرح متاثر ہو رہا ہے حکومت حالات کی بہتری کے لئے ا(باقی صفحہ 3 نمبر 3)

بروری پولیس کی کارروائی 2 ڈاکو گرفتار سامان برآمد

غیر قانونی اسلحہ رکھنے اور ڈکیتی کا مقدمہ درج کر کے تحقیقات شروع کردی

کوئٹہ (آن لائن) بروری پولیس نے اسٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے خاتون ٹیچر سے چھینا گیا پرس، موبائل فون، نقدی اور دیگر سامان چھیننے والے 2 ڈاکوؤں کو چوبیس گھنٹوں میں گرفتار کر کے سامان برآمد کرلیا۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

کوئٹہ، سیکریٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان صوبے میں جاری فروٹ گرین ایگرو مارکیٹ اور لائیو سٹاک کے منصوبوں پر منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کیسکو میٹر ریڈر شاہ جی برکت شاہ سے موبائل فون چھین لیا گیا

دالبندین (آن لائن) کیسکو میٹر ریڈر شاہ جی برکت شاہ سے موبائل فون چھین لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق وہ دالبندین بازار میں حسب معمول ڈیوٹی کے دوران میٹر ریڈنگ کرر (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

ضلع چمن میں صجاری صفائی اور شجرکاری مہم پر خصوصی توجہ دی گئی

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیر صدارت آج ڈپٹی کمشنر آفس چمن میں ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (DCC) کا اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ضلعی انتظامیہ، سکیورٹی اداروں اور مختلف متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع چمن کی مجموعی انتظامی صورتحال، امن و امان، سکیورٹی انتظامات، بین المحکمہ رابطہ کاری اور عو(باقی صفحہ 3 نمبر 7)

نصیر آباد میں زرعی انکم ٹیکس، عشر اور آبیانہ کے بقایاجات کی وصولی تیز کرنے کی ہدایت

ریونیو اہداف کا حصول ضلعی انتظامیہ کی اہم ذمہ داری، واجبات کی روزانہ بنیاد پر وصولی کا جائزہ لیا جائے

نصیر آباد (خ ن) زرعی انکم ٹیکس، عشر اور آبیانہ کے بقایاجات کی وصولی یقینی بنانے کی ہدایت واضح رہے کہ آج ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کی زیر صدارت ریونیو افسران کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ضلع نصیر آباد میں زرعی انکم ٹیکس، عشر، آبیانہ اور دیگر سرکاری واجبات کی وصولی سمیت ریونیو سے متعلق مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران متعلقہ ریونیو (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

لورالائی، ماں اور بچے کی صحت کے اشاریوں میں بہتری لانے کیلئے ضلعی سیمینار کا انعقاد

لورالائی (آن لائن) ماں، نوزائیدہ بچے کی صحت کے حوالے سے اہم ترجیحی رویوں کو فروغ دینے اور ضلع میں ماں اور بچے کی صحت کے اشاریوں میں بہتری لانے کے لیے ایک ضلعی سیمینار کا انعقاد ای پی آئی ہال، ٹیچنگ ہسپتال (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی سے داؤد تنگیال اور سائرہ لہڑی کی ملاقات

خواتین کی صحت، بالخصوص زچہ و بچہ کی صحت، بھی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے

حکومت خواتین کی ترقی اور انہیں بااختیار بنانے کو اپنی ترجیحات میں شامل کیے ہوئے ہے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی سے یو این ویمن کے نمائندے داؤد تنگیال اور سائرہ لہڑی نے ملاقات کی، جس میں بلوچستان میں خواتین کی ترقی، تحفظ، معاشی خودمختاری اور بااختیاری سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران بلوچستان میں خواتین کے لیے جاری حکومتی اقدامات، پالیسیوں اور مستقبل کے منصوبوں کا جائزہ لیا گیا، جبکہ خواتین کو تعلیم، صحت، ہنرمندی، روزگار اور معاشی مواقع کی فراہمی کے لیے ادارہ جاتی تعاون کو مزید مؤثر بنانے پر بھی گفتگو ہو(باقی صفحہ 3 نمبر 11)

کوئٹہ پولیس کی سنیچرز کرایہ داری ایکٹ منشیات فروشوں، غیر قانونی رہائش پذیر باشندوں کے خلاف کارروائی

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس نے موٹر سائیکل اور موبائل سنیچرز کرایہ داری ایکٹ منشیات فروشوں، غیر قانونی رہائش پذیر افغان باشندوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

حجاب رب العزت کا حکم ہے اور یہ ہماری عزت و احترام کا باعث ہے، زاہدہ خان منگریو

فرید آباد (آن لائن) رکن جماعت اسلامی ضلع صحبت پور زاہدہ خان منگریو عابدہ خان منگریو اور مائدہ خان منگریو نے مشترکہ طور پر کہا ہے کہ حجاب رب العزت کا حکم ہے اور یہ ہما(باقی صفحہ 3 نمبر 12)

جی ڈی اے کے متعدد ترقیاتی منصوبوں کی منظوری، منصوبوں کی فزیکل و مالی پیش رفت کا جائزہ

گوادر میں ترقیاتی منصوبوں کے معیار اور بروقت تکمیل پر سمجھوتہ نہیں ہوگا، ڈی جی جی ڈی اے

گوادر (خ ن) ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمٰن خان کی زیر صدارت دو اہم اجلاس منعقد ہوئے، جن میں جی ڈی اے کے ترقیاتی منصوبوں کی منظوری اور جاری منصوبوں کی فزیکل و مالی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد، ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ شاہد علی، سپرنٹنڈنگ انجینئر روڈز، کنٹرولر بلڈنگ نادر بلوچ، پراجیکٹ ڈائریکٹر واٹر میر جان بلوچ، پراجیکٹ ڈائریکٹر اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبہ میر (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

ناجائز منافع خوری کی روک تھام انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، اے سی رکھنی

رکھنی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر رکھنی فہد حسین عمرانی نے عہدے کا چارج سنبھالنے کے بعد انتظامی امور کا آغاز کرتے ہوئے شہر میں اشیائے خورد و نوش اور دیگر ضروری اشیاء کے سرکاری نرخ ناموں پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے اقدامات شروع کر دیے ہیں۔ اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر نے ڈیرہ غازی خان اور رکھنی کے ہوٹل مالکان سے ملاقات کی اور انہیں سرکاری نرخ نامے کے مطابق اشیاء کی فروخت اور مقررہ نرخوں پر عملدرآمد کی ہدایت کی۔ انہوں نے (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

آئے روز قتل وغارت، بدامنی، ڈکیتی اور دہشت گردی واقعات روزانہ درجنوں کے تعداد ہو رہے ہیں

بلوچستان نو گو ایریا بن چکا ہے، جمعیت نظریاتی

دن دیہاڑے قتل وغارت گری دہشتگردی حکومت انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی سکرٹری اطلاعات حاجی سید عبدالستار شاہ چشتی مولانا خدائے نظر مولانا شرف الدین ملا تاج محمد اور دیگر نے ممتاز تاجر صلاح الدین نورزئی کے شہادت پر تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان بھر میں حالات تشویشناک حد کو پار کر گئے ریاست کی رٹ قائم نہیں نہ تاجر نہ مزدور ٹرانسپورٹر و مسافر (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

جمعیت نظریاتی پاکستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی، سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی، مولوی خدائے نظر، اور دیگر کٹ پیس کے تاجروں حاجی محمد اشرف کلیم اللہ محمد شفیع کی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

محکمہ تعلیم اور میر گلکتی اکیڈمی کے اشتراک سے میر گلکتی انٹرایجوکیشنل اسکول اسپورٹس فیسٹیول

گوادر (آن لائن) محکمہ تعلیم اور میر گلکتی اکیڈمی کے اشتراک سے میر گلکتی انٹرایجوکیشنل اسکول اسپورٹس فیسٹیول 2026 کے افتتاحی پروگرام اور کھیلوں کے مقابلوں کو منظم و کامیاب بنانے کے لیے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفس گوادر میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر زاہد حسین کی زیر صدارت (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

کوئٹہ، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی سے رکن صوبائی اسمبلی رحمت صالح بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

الاٹیز کے حقوق کا تحفظ کیا جائے: الاٹیز ایکشن کمیٹی کاسی بحریہ ٹاؤن

عوامی نوٹس کے ذریعے الاٹمنٹس منسوخ کرنے کی دھمکی ناقابل قبول ہے

کوئٹہ (آن لائن) الاٹیز ایکشن کمیٹی کاسی بحریہ ٹاؤن کے سرپرست اعلیٰ ندیم ترین نے کہا ہے کہ کاسی بحریہ ٹاؤن کی انتظامیہ کی جانب سے جاری کردہ عوامی نوٹس اور حتمی (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

آڑنجی پورالی میں مینگل قبیلے کے دو گروہوں کے مابین آتشی اسلحہ سے ایک دوسرے پر فائرنگ

خضدار (آن لائن) تحصیل وڈھ کے علاقے آڑنجی پورالی میں مینگل قبیلے کے دو گروہوں کے مابین آتشی اسلحہ سے ایک دوسرے پر فائرنگ۔ کوئی جانی و مالی نقصانات کی اطلاع نہیں۔ وڈھ کے علاقے آڑنجی پورالی میں مینگل قبیلے کے دو گروہوں، رمضان مدزئی مینگل اور ابراہیم زئی (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

اسسٹنٹ کمشنر اورماڑہ کا مختلف دکانوں کا معائنہ

نقصانات سے محفوظ رکھنا حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے

اورماڑہ (خ ن) عوامی مفاد اور صحت عامہ کے تحفظ کے لیے صوبائی حکومت کی پالیسی کے تحت اسسٹنٹ کمشنر اورماڑہ ڈاکٹر ماہ نور برکت نے مختلف دکانوں کا معائنہ کیا اور غیر قانونی سگریٹ سمیت مضر صحت اشیاء کی فروخت و دستیابی کا جائزہ لیا معائنہ کے دوران غیر قانونی سگریٹ کی نشاندہی پر انہیں متعلقہ قانون کے مطابق ضبط کرلیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے دکانداروں کو سختی سے ہدایت کی کہ مضر صحت اشیاء، غیر قانونی تمباکو مصنوعات، گٹکا، ماوا اور دیگر ممنوعہ اشیاء کی خرید و فروخت سے گریز کیا جائے انہوں نے واضح کیا کہ عوامی صحت اور بالخصوص نوجوا(باقی صفحہ 3 نمبر 33)

میئر میونسپل کارپوریشن اوستہ محمد کا گورنمنٹ بوائز ہائی سکول کا دورہ

تعلیمی اداروں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی اور بہتری قابل تحسین اقدام ہے

اوستہ محمد (خ ن) میئر میونسپل کارپوریشن میر مظفر خان جمالی کا گورنمنٹ بوائز ہائی سکول کا دورہ جہاں ہیڈ ماسٹر سید صدر علی شاہ نے انہیں سکول کے مختلف شعبوں اور جاری تعلیمی و تعمیراتی سرگرمیوں کے حوالے سے بریفنگ دی اس موقع پر میئر میر مظفر خان جمالی نے وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ میر فیصل خان جمالی کی جانب سے سکول میں کروائے گئے تعمیراتی کاموں کو سراہا اور کہا کہ تعلیمی اداروں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی اور بہتری قابل تحسین اقدام ہے دورے کے دوران سرکاری سطح پر فراہم کی گئی طلبہ کی یونیفارم اور کتابیں بھی مختلف اسکولوں میں تقسیم کی گئیں(باقی صفحہ 3 نمبر 32)

چیئرمین گوادر ایمبولینس سروس نسیم موسیٰ کے گوادر ایمبولینس سروس

گوادر (آن لائن) چیئرمین گوادر ایمبولینس سروس نسیم موسیٰ کے گوادر ایمبولینس سروس ضلعی انتظامیہ گوادر، گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی (GDA)، عوام اور مخیر حضرات کے تعاون سے شہریوں کو بروقت طبی و امدادی سہولیات فراہم کر رہی ہے۔ حکومت بلوچستان کی صحت عامہ (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

اپنی اراضی نرسری فارم کے استعمال میں دینے کے پابند نہیں ہیں، نبی بخش پوادی

کوہلو (آن لائن) ڈسٹرکٹ پریس کلب کوہلو رجسٹرڈ میں کوہلو کے رہائشی نبی بخش پوادی، قادر بخش پوادی، بیورغ، بلال و دیگر نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہوں نے تقریباً چار دہائیاں قبل 1986 میں موضع ملک زئی میں واقع اپنی قیمتی اراضی میں سے 10 ایکڑ زمین (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ کا رورل ہیلتھ سینٹر بٹ بلیدہ کا دورہ

مراکز صحت میں آنے والے مریضوں کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہیں ہونا چاہیے

تربت، بلیدہ (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ ابوبکر میروانی نے رورل ہیلتھ سینٹر (RHC) بٹ بلیدہ کا تفصیلی دورہ کیا جہاں انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کرتے ہوئے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ڈاکٹرز و پیرامیڈیکل اسٹاف کی دستیابی، ادویات، طبی آلات، صفائی ستھرائی اور ہسپتال کے مجموعی انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ ابوبکر میروانی نے ہسپتال کے مختلف حصوں کا دورہ کیا اور طبی عملے سے ملاقات کرکے ان کی حاضری اور فرائض کی انجام دہی سے متعلق معلومات (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

جامعہ تربت کا طلبہ کو عصری تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کا اہم قدم

شعبہ کمپیوٹر سائنس طلبہ کا اسلام آباد کے جدید ٹیک حبز کا مطالعاتی دورہ

تربت (خ ن) جامعہ تربت اپنے طلبہ کو عصری تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور جدید ٹیکنالوجی و صنعتی مارکیٹ کے لیے تیار کرنے کے لیے اہم اقدامات اٹھا رہی ہے۔ اسی سلسلے میں شعبہ کمپیوٹر سائنس کے طلبہ نے فیکلٹی ممبر محمد عاصم کی سربراہی میں اسلام آباد کا نو روزہ کامیاب صنعتی و ٹیکنالوجی دورہ کیا جو طلبہ کو جدید ٹیکنالوجی اور عملی صنعتی ماحول سے روشناس کرانے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ دورے کا بنیادی مقصد اکیڈمک لرننگ کو صنعتی ساف(باقی صفحہ 3 نمبر 28)

جاری حالات میں بہت سی قوتوں کی خواہش ہے کہ خانہ جنگی پیدا ہو لیکن ہماری عوام سے درخواست ہے، رہبر جمعیت کا خطاب

نہ ووٹ لو نہ ووٹ دو، ووٹ سے نمائندگی کا فیصلہ نہیں ہوتا ہے، مولانا محمد خان شیرانی

اللہ تعالیٰ اپنی قدرت سے اس خونریزی کا تدارک فرمائے اور ہم میں ہوش سے کام لینے کی صلاحیت اور یہ احساس پیدا کرے

کوئٹہ (آن لائن) رہبر جمعیت مولانا محمد خان شیرانی نے کہا ہے کہ جاری حالات میں بہت سی قوتوں کی خواہش ہے کہ خانہ جنگی پیدا ہو لیکن ہماری عوام سے درخواست ہے کہ نہ تو اسٹیبلشمنٹ کا ساتھ دو، نہ ہی اس کے مقابلے میں آؤ، نہ مسلح تنظیموں کا ساتھ دو اور نہ ہی ان کے مقابلے میں آؤ، ہماری دعا ہونی چاہیے کہ اللہ تعالیٰ اپنی قدرت سے اس خونریزی کا تدارک فرمائے اور ہم میں ہوش سے کام لینے کی صلاحیت اور (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق اور حاجی عین اللہ شمس امراء کے نمائندہ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

نجی حج کمپنیوں کے حج پیکیج فائنل کر دیے گئے

رواں سال نجی حج پیکیج 14 لاکھ سے 35 لاکھ روپے تک رکھا گیا ہے

اسلام آباد (آن لائن) نجی حج کمپنیوں کے حج پیکیج فائنل کر دیے گئے۔ رواں سال نجی حج پیکیج 14 لاکھ سے 35 لاکھ روپے تک رکھا گیا ہے۔ وزارت مذہبی امور کی ہدایت پر بیشتر منظم کمپنیوں نے اپنے حج پیکیجز ڈیجیٹل پورٹل پر اپ لوڈ کر دیے ہیں، جس کے بعد پاک حج ایپ اور حج پورٹل کے ذریعے پرائیویٹ حج سکیم کی بکنگ میں تیزی آگئی ہے۔ تر (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

اٹک سیمنٹ کا مقامی خواتین کیلئے باعزت روزگار اور ہنرمندی کا اقدام

حب (آن لائن) اٹک سیمنٹ فیکٹری حب بالخصوص جنرل مینجر کرنل رضا خٹک کی خصوصی دلچسپی سے مقامی خواتین کے لیے باعزت روزگار اور ہنرمندی کا اقدام اٹک سیمنٹ فیکٹری ہمیشہ سے اپنے اردگرد کے علاقے اور بالخصوص مقامی آبادی کے پسماندہ اور مستحق افراد کی فلاح و بہبود کے لیے بھرپور انسانی معاونت اور اقدامات کرتی رہی ہے۔ جنرل مینجر کرنل (ر) رضا (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن صحبت پور کا ضلع کے مختلف تعلیمی اداروں بوائز ہائی سکول میسو پور کا دورہ

صحبت پور (خ ن) ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن صحبت پور عبدالحمید ابڑو نے ضلع کے مختلف تعلیمی اداروں بوائز ہائی سکول میسو پور کا دورہ کیا اور تمام۔ کلاسوں کا تعلیمی جائزہ لیا بچوں کی تعلیمی صورت حال کو تسلی بخش قرار دیتے ہوئے ہیڈ ماسٹر اور اسٹاف کی کارکردگی کو سراہا اساتذہ کرام کو مزید محنت کرنے کی تلقین کی اس موقع پر انہوں نے بوائز ہائی سکول مانجھی پور کا بھی دورہ کیا اور کلسٹر کی مد میں پرائمری سکولوں میں تقسیم ہونے والے سامان کا جائزہ لیا سامان کا معیار چیک کیا اور سکولوں کے اولمدرسین (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

تاجروں اور کاروباری طبقے کو جدید اور بہتر سہولیات فراہم کرنا ہے، بابر خان

بلوچستان کی معیشت میں زراعت اور لائیو اسٹاک کے شعبوں کو بنیادی اہمیت حاصل ہے

عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے ہرممکن اقدامات کیے جائیں گے

کوئٹہ (خ ن) سیکریٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان کی زیر صدارت صوبے بھر میں پھل وسبزی منڈیوں غلہ منڈیوں بس ٹرمینلز اور مویشی منڈیوں کی فعالیت اور ان میں سہولیات کی فراہمی سے متعلق جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں تمام چھ زونز کے چیف انجینئرز افسران کنسلٹنٹس اور دیگر متعلقہ حکام (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

ریٹائرڈ پی آئی اے آفیسر جی ایم بلوچ بقضائے الٰہی انتقال کر گئے

کوئٹہ (آن لائن) ریٹائرڈ پی آئی اے آفیسر جی ایم بلوچ بقضائے الٰہی انتقال کر گئے۔ مرحوم ایس ایس پی جیل خانہ جات بلوچستان خوشحال میر، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ڈی جی پی آر بلوچستان منظور احمد مگسی کے سسر تھے۔ نادرا کے امجد درانی اور سی اینڈ ڈبلیو کے شہزاد احمد کے بہنوئی، سید فاروق شاہ، سید منظور احمد شاہ اور حسن اللہ مرداز کے (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

کوہ پیماؤں کا پیشاب گلیشیئر پگھلنے کا سبب بننے لگا، نئی تحقیق میں انکشاف

قائم بیس کیمپ میں انسانی سرگرمیوں کے اثرات گلیشیئر پر نمایاں ہو رہے ہیں، ماہرین

لندن (آن لائن) ایورسٹ بیس کیمپ میں ایندھن کے استعمال اور گلیشیئر پر براہ راست پیشاب کیے جانے سے ہر سال تقریباً 2 ہزار 500 ٹن برف اور برفانی تودے پگھلنے کا انکشاف ہوا ہے۔ برطانوی خبر رساں ادارے انڈیپنڈنٹ کی رپورٹ کے مطابق دنیا کی بلند ترین چوٹی ماؤنٹ ایورسٹ کے نیپال کی جانب قائم بیس کیمپ میں انسانی سرگرمیاں گلیشیئر پر نمایاں اثرات مرتب کر رہی ہیں۔ بین الاقوامی ماہرین کی ٹیم نے نیپال کے کھمبو گلیشیئر کا مطالعہ کیا، جہاں ایورسٹ بیس کیمپ واقع ہے۔ تحقیق کے نتائج سائنسی جریدے ریجنل انوائرنمنٹل چینج میں شا(باقی صفحہ 3 نمبر 26)

لیڈی ڈاکٹر مسرت نور کے کلینک سے متعلق سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی خبر کی لواحقین کا موقف

کوہلو (آن لائن) ضلع کوہلو میں گزشتہ روز لیڈی ڈاکٹر مسرت نور کے کلینک سے متعلق سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی خبر کے حوالے سے فوت ہونے والی خاتون کے لواحقین حاجی بہار خان پیردادانی مری نے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (DHO) کوہلو ڈاکٹر میر شیر زمان مری کے سامنے اپنا مؤقف پیش کرتے ہوئے خبر کی (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی لشکری خان رئیسانی، سابق وفاقی وزیر میر ہمایوں عزیز کرد، عمر جان بلوچ اور قاری اختر شاہ کھرل خدائیداد روڈ پر عوامی رابطہ مہم کے سلسلے میں منعقدہ عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

چیف ایڈیٹر وپبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون، فیکس: 2824878 موبائل نمبر: 03337867133 ای میل: twnisb@gmail.com tameerewatan33@gmail.com